درجہ ۱۔۳

OXFORD
UNIVERSITY PRESS


# بنیادی تعلیم کی طرف ابتدائی قدم

(First Steps to Early Years)

رہ نمائے اساتذہ



# اُردُو



میرا نام ____________________ ہے۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، یونیورسٹی آف اوکسفرڈ کا ایک شعبہ ہے۔
یہ دنیا بھر میں بذریعۂ اشاعت تحقیق، علم وفضیلت اور تعلیم میں اعلیٰ معیار کے مقاصد کے فروغ میں
یونیورسٹی کی معاونت کرتا ہے۔ Oxford برطانیہ اور چند دیگر ممالک میں
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے

پاکستان میں اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
نمبر ۳۸، سیکٹر ۱۵، کورنگی انڈسٹریل ایریا،
پی۔او بکس ۸۲۱۴، کراچی۔ ۷۴۹۰۰، پاکستان
نے شائع کی

© اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس ۲۰۲۴ء

مصنّف کے اخلاقی حقوق پر زور دیا گیا ہے

پہلی اشاعت ۲۰۲۴ء

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی پیشگی تحریری اجازت، یا جس طرح
واضح طور پر قانون اجازت دیتا ہے، لائسنس، یا ادارہ برائے ریپروگرافکس حقوق
کے ساتھ طے ہونے والی مناسب شرائط کے بغیر اس کتاب کے کسی حصّے کی نقل،
کسی قسم کی ذخیرہ کاری جہاں سے اسے دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہو یا کسی بھی شکل میں اور
کسی بھی ذریعے سے اس کی ترسیل نہیں کی جاسکتی۔ مندرجہ بالا صورتوں کے علاوہ دوبارہ اشاعت
کے واسطے معلومات حاصل کرنے کے لیے اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کے شعبۂ حقوقِ اشاعت
سے مندرجہ بالا پتے پر رجوع کریں

آپ اس کتاب کی تقسیم کسی دوسری شکل میں نہیں کریں گے
اور کسی دوسرے حاصل کرنے والے پر بھی لازماً یہی شرط عائد کریں گے

ISBN 9780190702403

نوری نستعلیق فونٹ میں کمپوز ہوئی

# تعارف

## سیریز کا تعارف

بنیادی تعلیم کی طرف ابتدائی قدم کا سلسلہ، سیکھنے کے عمل میں حاصل ہونے والے ان تمام بنیادی اہداف کا احاطہ کرتا ہے جن کو بچّے اپنے مخصوص انداز اور دلچسپی کے مطابق حاصل کرتے ہیں۔ یہ سیریز، سیکھنے کے کلیدی نکات کے ان مخصوص شعبوں پر توجّہ دیتی ہے جیسے زبان کی نشوونما، کلیدی ریاضیاتی تصوّرات، ذاتی، سماجی وجذباتی نشوونما، تخلیقی فنون، جسمانی نشوونما، صحت، حفظانِ صحت، حفاظت، اور ہمارے اردگرد کی دنیا۔ یہ شعبہ جات بچّوں کی معلومات اور تفہیم کو وسعت دیتے ہوئے ان کے تخیل کو موثر انداز میں مصروف کر کے ان کی زبان کی نشوونما اور گفتگو کے تخلیقی انداز میں استعمال میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ ان کتب کا مقصد بچّوں کی پرائمری لیول میں منتقلی کو آسان بنانا بھی ہے۔

## کُتب کا تعارف

بنیادی تعلیم کی طرف ابتدائی قدم کی کُتب ایسی بے شمار دلچسپ سرگرمیوں پر مشتمل ہے جو ابتدائی سالوں میں بچّوں کے لیے مفید ہیں۔ یہ پُرکشش سرگرمیاں زبان کی چاروں مہارتوں: سننا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا کا احاطہ کرتی ہیں۔

یہ کُتب بنیادی طور پر اُردو زبان کے تعارف کے لیے صوتی نظام پر زور دیتی ہے۔ کتاب میں موجود سرگرمیاں بچّوں کی عمر اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے تیار کی گئی ہیں جو انھیں غور و فکر پر اکسانے والی ہیں۔

آنکھوں اور ہاتھوں کی حرکات میں ہم آہنگی اور زبانی کیے جانے والے کاموں کی فہم میں اضافہ کے لیے سرگرمیوں پر بالخصوص توجّہ دی گئی ہے۔

## رہنمائے اساتذہ کی ساخت

بنیادی تعلیم کی طرف ابتدائی قدم کے لیے تیار کردہ رہنمائے اساتذہ، اسباق کی وسیع پیمانے پر منصوبہ بندی کے ذریعے جامع معاونت فراہم کرتی ہے۔ رہنمائے اساتذہ کا بنیادی مقصد اساتذۂ کرام کا کام آسان بنانا ہے۔ رہنمائے اساتذہ، اساتذۂ کرام کی کمرۂ جماعت کی ترتیب، ذخیرۂ الفاظ کے چارٹ / تختۂ نزم، تدریسی مواد (جیسے فلیش کارڈز) کی تشکیل اور ان کو برقرار رکھنے میں بھی مدد فراہم کرتی ہے۔ رہنمائے اساتذہ میں کہانیاں بھی شامل ہیں لہٰذا کہانیوں سے متعلق تدریسی معاونت تلاش کرنے میں اساتذۂ کرام کا وقت صرف نہیں ہوگا۔ گائیڈ میں ایسی مشقیں ہیں جن کو مختلف تصوّرات کے تعارف اور ان کی نشوونما کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# فہرست


صحت غذائیت، اور حفاظت کی فہرست ............ ۱

جماعت کی تیاری ............ ۴

منصوبہ بندی ............ ۶

رہنمائی برائے جانچ ............ ۴۷

اضافی ورک شیٹ ............ ۴۸

اساتذۂ کرام کی فہرستِ مشاہدات برائے وسط سال ............ ۶۲

اساتذۂ کرام کی فہرستِ مشاہدات برائے اختتامِ سال ............ ۶۳

# صحت، غذائیت، اور حفاظت کی فہرست

یہ چیک لسٹ اساتذۂ کرام اور اسکول منتظمین کو بچّوں کے لیے ایک مثالی ماحول کی تیاری میں رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ سال کے ابتدائی دنوں سے ہی مندرجہ ذیل چیک لسٹ کو استعمال کیجیے، یہ اساتذۂ کرام کو سال کے آغاز سے ہی نہ صرف پورے تعلیمی سال کے لیے تیار رہنے بلکہ اپنے طلبہ کے بارے میں اچّھی طرح سے آگاہی حاصل کرنے میں بھی مددگار ہوگی۔ چیک لسٹ کو اسکول/یا انفرادی ضرورت کے مطابق ڈھالا جاسکتا ہے۔

## صحت

- ☐ کسی بھی بچّے میں کوئی بھی مخصوص الرجی ہوسکتی ہے لہٰذا اس کے بارے میں پوچھیں۔
- ☐ کسی بھی طبّی پریشانی یا پُرانے امراض کی معلومات کے لیےطلبہ کی میڈیکل فائلوں کی جانچ پڑتال کریں۔
- ☐ تمام بچّوں کی نفسیات اورضروریات کا مشاہدہ کریں اور ان کی پروفائل تیار کریں۔

## کمرۂ جماعت کا جائزہ لیجیے کہ:

- ☐ کمرۂ جماعت اچّھی طرح سے روشن ہے۔ تاہم، جماعت میں قدرتی روشنی کے لیے دروازے، کھڑکیاں اور روشن دان موجود ہیں۔
- ☐ کمرۂ جماعت مناسب طریقے سے ہوا دار ہے یا اس میں ہوا کی آمدورفت کے مناسب ذرائع ہیں۔
- ☐ کمرۂ جماعت کا درجۂ حرارت چھوٹے بچّوں کے لیےموزوں ہے - زیادہ گرم یا زیادہ سرد تو نہیں۔
- ☐ کمرۂ جماعت روزانہ صاف کیا جاتا ہے۔ یہ دھول اور جراثیم سے پاک ہے۔
- ☐ کمرۂ جماعت شورشرابے والے علاقے میں یا اس کے آس پاس تو نہیں ہے۔
- ☐ حفاظت کے نقطۂ نظر سے کمرۂ جماعت کو گراؤنڈ فلور پر ہونا چاہیے۔
- ☐ ہاتھوں کو جراثیم سے محفوظ رکھنے کے لیے فکسڈ ہینڈ ڈسپینسر بچّوں کی دسترس میں ہے۔
- ☐ کمرۂ جماعت میں گرم مشروبات لانے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔
- ☐ اس بات پر بھی دھیان دیں کہ کوڑے دان ڈھکے ہوئے ہیں، اوران میں کچرے کے تھیلے روز تبدیل کیے جاتے ہیں۔
- ☐ بچّے کھانے، باہر کھیلنے اورواش روم وغیرہ کے استعمال کے بعد ہاتھ دھوتے ہیں۔
- ☐ بچّوں کے ساتھ وقت گزارنے والے اساتذۂ کرام اور عملے کا صحت مند ہونا اور لباس کو صاف رکھنا ضروری ہے۔
- ☐ یقینی بنائیں کہ بیت الخلا اور واش روم ہمیشہ صاف اور ان میں صفائی کا سامان، جیسے ہینڈ واش اور ڈسپوزایبل وائپس موجود ہوں۔
- ☐ صابن کی ٹکیہ کے بجائے استعمال کے لیے مائع صابن موجود ہے۔
- ☐ ٹشو پیپر واش رومز میں ہمیشہ موجود ہونا چاہیے۔
- ☐ جماعتیں کیڑے مکوڑوں اور جالوں سے پاک ہیں - اس بات کو یقینی بنائیں کے آغاز سے ہی کیڑوں پر قابو پالیا گیا ہے۔
- ☐ بنیادی طبّی نگہداشت کا کمرا مع تربیت یافتہ نرس اور آیا اسکول کے احاطے میں موجود ہے۔
- ☐ نگہداشت کا کمرا صاف ستھرا ہے اوراس میں ایک بستر، کپڑوں کا اضافی جوڑا، علیحدہ واش روم، ابتدائی طبّی امداد کا سامان وغیرہ موجود ہیں۔

- ☐ یقینی بنائیں کہ حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ والدین سے باقاعدگی لیے جائیں۔
- ☐ فرش میں ریت کے گڑھے (اگر موجود ہوں) تو باقاعدگی سے صاف کیے جاتے ہیں۔
- ☐ مناسب جسمانی سرگرمیاں اسکول کے معمولات کا ایک حصّہ ہیں۔ کیا وہ باقاعدگی سے کی جاتی ہیں؟
- ☐ گڈ ٹچ اور بیڈ ٹچ سے متعلق آگاہی فراہم کی جاتی ہے۔
- ☐ ناخن تراشے ہوئے اور صاف ہیں، بال جوؤں سے پاک ہیں، کپڑے اور زیر جامے صاف ہیں۔
- ☐ بچّوں کو نیند کی مناسب مقدار مل رہی ہے۔
- ☐ بچّوں کے والدین کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہیں۔
- ☐ واش روم میں گرفت کے لیے پائپ لگے ہوئے ہیں۔

**غذائیت**

- ☐ کھانے کا ہفتہ وار منصوبہ والدین کو باقاعدگی سے بھیجا جاتا ہے - تجویز کردہ کھانا آسانی سے دستیاب ہے۔
- ☐ کیا غذائی منصوبے میں بچّوں کی پسند اور ثقافتی پس منظر کی غذائی اشیا شامل ہیں؟
- ☐ ہفتہ وار کھانے کی منصوبہ بندی میں متوازن غذا ہے۔ کیا پھل، سبزی، دودھ، لحمیات اور نشاستہ دار غذائیں موجود ہیں؟
- ☐ غیر معیاری/تلی ہوئی چیزیں اور محفوظ شدہ کھانے کی اجازت نہیں ہے۔
- ☐ کھانے کی مقدار بچّے کی ضرورت کے مطابق ہے۔
- ☐ بچّے کو پھندہ لگنے سے محفوظ رکھنے کے لیے کھانے کی اشیا کو چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹا گیا ہے۔
- ☐ لنچ/ناشتے کو مقررہ اور مناسب وقت پر ملنا چاہیے۔
- ☐ کسی بھی بچّے کو بھوک لگی ہو یا ان کے پاس موجود کھانا کھانے میں اسے رغبت نہ ہو تو متبادل اور مناسب کھانے کی اشیا اور پانی کی دستیابی کو ممکن بنائیے۔
- ☐ پانی کی مناسب مقدار کو یقینی بنانے کے لیے جماعت کے دوران پانی کا وقفہ دیا جاتا ہے۔
- ☐ بچّوں کو ٹھنڈے پانی سے بچانے کے لیے پینے کا پانی کا درجۂ حرارت مناسب ہے۔
- ☐ والدین کو اپنے بچّوں کے لیے صحت مند غذائیت سے متعلق آگاہی فراہم کی جاتی ہے۔
- ☐ کھانوں میں میٹھے/نمک کی زیادہ مقدار اور میٹھے مشروبات کی حوصلہ شکنی کریں۔
- ☐ بچّے سونف سپاری (چھالیہ) وغیرہ تو نہیں لاتے۔
- ☐ باقاعدگی سے ناشتا کرنے کی اہمیت پر زور دیں۔
- ☐ بچّوں کے پاس موجود کھانے کی اشیا قابلِ استعمال اور درست حالت میں ہیں (تاریخ میعاد بھی چیک کیجیے)

## حفاظت

- ☐ فرسٹ ایڈ بکس جماعت میں موجود ہے اور دھواں/آگ کی نشان دہی والا الارم کام کر رہا ہے۔
- ☐ گول کونوں والا محفوظ فرنیچر کمرۂ جماعت میں موجود ہے۔
- ☐ یقینی بنائیں کہ فرنیچر سے کوئی کیل یا نوکیلی چیز باہر کی طرف نکلی نہ ہو۔
- ☐ کمرۂ جماعت کا فرش صاف ستھرا ہے۔
- ☐ بجلی کی ساکٹ بچّوں کی پہنچ سے دُور ہیں۔
- ☐ بجلی کے تاروں کو صحیح طریقے سے محفوظ کیا جاتا ہے اور ان کو ڈھکا گیا ہے۔
- ☐ کھڑکیاں محفوظ ہیں اور بچّوں کی پہنچ سے دُور ہیں۔
- ☐ دوپہر کے کھانے کی جگہ جماعت سے الگ ہے اور وہاں پلاسٹک کا دسترخوان بچھایا گیا ہے۔
- ☐ کھانے کے وقت اور آرٹ کی سرگرمیوں کے دوران بچّے ایپرن استعمال کرتے ہیں۔
- ☐ بچّے بڑے افراد کی نگرانی میں گول سرے کی حفاظتی قینچی استعمال کرتے ہیں۔
- ☐ معاون/صفائی کا عملہ صفائی ستھرائی، بچّوں کی مدد، اور نگرانی کے لیے باتھ روم میں موجود ہیں۔
- ☐ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے والدین سے رابطے کے نمبر کام کر رہے ہیں۔
- ☐ باہر نکلنے کا نقشہ/منصوبے کمرۂ جماعت کے دروازے پر چسپاں یا آویزاں کیے گئے۔
- ☐ کسی استاد کی غیر حاضری کی صورت میں کسی اور استاد کو متعلقہ جماعت میں تعیّنات کر دیا گیا ہے۔
- ☐ کھیل کا میدان بچّوں کے کھیلنے لیے سازگار، محفوظ اور کوڑے کرکٹ سے پاک ہے۔
- ☐ بچّہ آپ سے رجوع کرنے، واقعات کے بارے میں بات کرنے اور اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے خود کو محفوظ محسوس کرتا ہے۔
- ☐ آگ لگنے کی صورت میں اور جماعت سے انخلا کی مشقیں مستقل بنیادوں پر کی جاتی ہیں۔

# جماعت کی تیاری

## ذخیرۂ الفاظ کے دیواری چارٹ

ذخیرۂ الفاظ کے لیے کتاب کے الفاظ کو ہی منتخب کیا جانا چاہیے۔ البتہ معلّم/معلّمہ چند ایسے الفاظ جن کو بغیر ہجّے کے پڑھا جا سکتا ہے ایک کاغذ پر لکھ کر پن کی مدد سے سوفٹ بورڈ پر چسپاں یا آویزاں کر سکتے ہیں۔ معلّم/معلّمہ سے گزارش ہے کہ ہر یونٹ کے مطابق الفاظ کو وال چارٹ پر تبدیل کریں۔ کاغذ کا ٹکڑا اتنا بڑا ہونا چاہیے کہ الفاظ کو صاف، واضح اور مناسب فاصلوں سے لکھا جا سکے۔

اساتذۂ کرام سے گزارش ہے کہ الفاظ کو کمرۂ جماعت میں بچّوں کے قد و قامت کی اوسط اُونچائی کے مطابق دیوار پر چسپاں یا آویزاں کریں۔

وال چارٹ پر لکھے الفاظ ہر طالب علم کو نظر آرہے ہوں تاکہ بآسانی پڑھے جا سکیں۔

نوٹ: اساتذۂ کرام کاغذ چسپاں کرنے کے لیے ماسکنگ ٹیپ/کاغذ ٹیپ کا استعمال کر سکتے ہیں۔

## تختۂ نرم

اگر اساتذۂ کرام ذخیرۂ الفاظ اور متعلقہ تصاویر کو دیوار پر چسپاں نہیں کرنا چاہتے تو ڈرائنگ بورڈ سے تختۂ نرم پر لگا دیں یا دیوار پر آویزاں کر دیں۔

تختۂ نرم کو ہفتہ وار یا موجودہ پڑھائے جانے والے سبق کے عنوان کے مطابق تبدیل کرتے رہیں۔

## کہانیاں اور نظمیں

کتاب میں بہت سی تصویری کہانیاں اور رہنمائے اساتذہ میں مختلف صوتیات سے متعلق مختلف کہانیاں دی گئی ہیں اساتذۂ کرام ان کے استعمال سے سبق کی منصوبہ بندی کو دلچسپ بنا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سی نظمیں بھی موجود ہیں۔ جنھیں معلّم/معلّمہ ترنّم کے ساتھ سنا سکتا ہے۔

بچّوں کے ساتھ شاعری بھی کریں اور ان کو نظموں میں بتائے گئے کاموں کو کرنے کی ترغیب دیں۔

یہ بچّوں کے لیے نئے الفاظ کو سیکھنے کا ایک دلچسپ اور آسان طریقہ ہوسکتا ہے۔

## نشست کا منصوبہ

اگر آپ کے پاس بچّوں کے بیٹھنے کے لیے گول میزیں ہیں، تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر میز کے گرد چار سے پانچ بچّے بیٹھے ہیں۔

اگر آپ کے پاس مربع میزیں ہیں، تو چار میزیں اس طرح ایک ساتھ ہوں کہ ایک بڑے مربع کی شکل بن جائے۔ اس طرح بچّوں کو آپس میں تعلقات استوار کرنے اور گروہ میں کام کرنے کی ترغیب ملے گی۔

## سیکھنے کے گوشے بنانا

ماہرین کی رائے کے مطابق، بچّوں کو اپنے ارد گرد کے ماحول کو دریافت کرنے کے مواقع کی ضرورت ہوتی ہے۔

نامزد گوشے یا جماعت کے مختلف حصّے ،موثّر تعلیم کے لیے مخصوص مہارت کو سیکھنے اور تدریسی معاونات کو ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہو سکتے ہیں۔ اس سے تنظیم کی عادت پیدا ہوتی ہے اور بچّے میں چھوٹی عمر سے ہی نظم و ضبط ۔ پروان چڑھتا ہے۔ سیکھنے کے گوشے بچّوں کی آزادانہ اورفطری انداز میں کام کرنے کی صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہیں۔

سیکھنے کے گوشے ایک دوسرے سے الگ ہونا ضروری ہیں۔ اور ان گوشوں میں رکھی گئی اشیا تک بچّوں کی رسائی یقینی بنانے کے لیے چھوٹی الماریوں یا بڑے ڈبّوں کا استعمال کیا جائے۔

سیکھنے کے گوشے میں ان اشیا کا ذخیرہ کیا جائے: کتابیں، تصاویر، کھلونے، فلیش کارڈز، وغیرہ۔

- زبان کا گوشہ : یہ گوشہ الفاظ میں اضافہ اور پڑھنے کی مہارت سیکھنا سے متعلقہ مواد سے لیس ہونا چاہیے۔
- لائبریری کا گوشہ : اس کونے کو پڑھنے کی عادت کو فروغ دینے کے لیےمرتب کیا جانا چاہیے اور کتابوں کی دیکھ بھال اور اس کی قدر کرنے کا طریقہ بھی سکھایا جائے۔
- آرٹ کا گوشہ : یہ گوشہ بچّوں کو تخلیقی اظہار کے مواقع فراہم کرتا ہے یہاں آرٹ کرافٹس تیار کرنے کا سامان ہونا چاہیے۔
- ریاضی کا گوشہ : ریاضی کے کونے کے لیےموزوں مواد میں ایسی اشیا شامل ہیں جو بچّوں کو جسامت، شکل، چوڑائی، ریاضی کے بنیادی تصورات، درجہ بندی اور اعداد براہ راست تجربے کے ذریعے سمجھنے میں مدد دیں۔
- سائنس کا گوشہ : اس کونے میں بچّوں کو ان کے آس پاس کی دنیا کو سمجھنے کے لیےمشاہدے اور تجربے کے مواقع ملنے چاہییں۔
- گھریلو گوشہ : گھر کے کونے کو بچّوں کے لیے باورچی خانے کے مختلف برتن، کپڑے، چھوٹے فرنیچر، اور گڑیا وغیرہ سے سجا کر ثقافتی پس منظر کی عکاسی کرنی چاہیے۔ بعد میں باورچی خانے کو دکان، کلینک یا دفتر میں بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

سیکھنے کے کونوں یا گوشوں کو سیکھنے کے تمام بنیادی پہلوؤں اور سیکھنے کے اہداف کے مطابق منظم کیا جانا چاہیے تاکہ جو تصورات اور مہارتیں معلّم/معلّمہ نے متعارف کروائے ہیں بچّے تجربے کے ذریعے ان مہارتوں کو سیکھ سکیں۔

## معمولات کی ترتیب

چھوٹے بچّوں کو روز مرّہ کے معمولات کا عادی بنانے میں کاموں کو باقاعدگی اور مستقل مزاجی سے کروانے کی بڑی اہمیت ہے۔ روز مرّہ کے معمولات کی ترتیب بچّوں کو واقعات کا مستقل اور طے شدہ تسلسل ذہنی آمادگی فراہم کرتا ہے جو بچّوں کو بااختیار ہونے کا احساس فراہم کرتے ہیں کہ دن بھر میں وہ کب، کیا کریں گے۔

وقت کے بہترین استعمال کے لیے روزانہ کے معمولات مرتّب کریں اوران کو برقرار رکھیں۔ روزانہ کا معمول بچّوں کو ترتیب، نظم و ضبط، تنظیم، اور وقت کی قدر کے بارے میں سیکھنے میں مدد کرتا ہے۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# منصوبہ بندی

مندرجہ ذیل ہدایات کے لیے وقت کی حد کے معاملے میں کوئی سختی نہیں ہے۔ اساتذۂ کرام کو بچّوں کے کام کی ترتیب اور سیکھنے کی رفتار کا مشاہدہ کرتے ہوئے کام کروانا چاہیے۔معلّم کو یہ تجویز دی جاتی ہے کہ وہ تدریسی عمل کو اس وقت ہی آگے بڑھائیں جب بچّے اعتماد کے ساتھ آزادانہ طور آسانی سے کام کرنے کے قابل ہوں، مندرجہ ذیل نوٹ اساتذۂ کرام کو تدریسی کاموں میں مدد دے گا۔

## تدریسی وسائل، مواد بنانا

اساتذۂ کرام فلیش کارڈز (وسائل) کو آئندہ استعمال کے لیے درج ذیل طریقے سے محفوظ کرسکتے ہیں۔ جیسے:

- سخت پلاسٹک کوٹنگ: حروف اور ان کی تصاویر (مثال کے طور پر: ا اور اس کے ساتھ الماری یا انار کی تصویر) کو ابتدائی سال میں ہی سخت پلاسٹک کوٹنگ کرائی جائے تو یہ تمام تعلیمی سال کے دوران استعمال ہوسکتے ہیں اور اگر مناسب طریقے سے رکھا جائے تو، وہ اگلے تعلیمی سال میں بھی استعمال ہوسکتے ہیں۔
- نرم پلاسٹک کوٹنگ: اساتذۂ کرام جماعت میں بیٹھنے کی ترتیب و تنظیم کے چارٹ اور ذخیرۂ الفاظ کو ایک سادہ پلاسٹک شیٹ سے کور کرسکتے ہیں تاکہ وہ زیادہ عرصے تک استعمال ہوں۔ وہ اسے کاغذی ٹیپ سے ٹیپ کرسکتے ہیں یا اسٹیپلر سے پن کرسکتے ہیں۔

- ایک چھوٹا وائٹ بورڈ (DIY) کیسے بنائیں؟ اگر آپ کے پاس چھوٹے وائٹ بورڈ نہیں ہیں تو تعلیمی سال کے آغاز میں ہی آپ سفید کارڈ شیٹ کاٹ کر انھیں سخت پلاسٹک کوٹنگ کرواسکتے ہیں یہ منی وائٹ بورڈ کے طور پر کام کریں گے۔ ایک کارڈ شیٹ میں سے کم از کم چھ منی وائٹ بورڈ تیار ہوسکتے ہیں۔ اس طریقے سے، آپ اپنی جماعت میں بچّوں کی تعداد کے مطابق منی وائٹ بورڈ تیار کرسکتے ہیں۔

# میرا تعارف

**متوقّع حاصلاتِ تعلّم:**

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- اشیا یا اشکال کو پہچان سکیں ایک جیسی اشیا یا اشکال کو ملا سکیں۔
- ٹریفک سگنل کے مخصوص رنگوں کو پہچان سکیں۔
- نقطے دار خطوط پر ہدایت کے مطابق پنسل پھیر سکیں۔
- ہدایات کے مطابق پنسل پھیرنے کے عمل کو مخصوص مقام سے آغاز اور اختتام کرنے کی مشق کرسکیں۔
- خاندان کے تصور سے واقفیت حاصل کرسکیں اور خاندان کے افراد کے نام اور رشتے جان سکیں۔

| سبق ا | میرے جیسا کون؟ |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- جوڑیوں میں پائی جانے والی چند اصل زندگی سے تعلق رکھنے والی اشیا جیسے موزے، جُوتے اور دستانے وغیرہ۔
- ایک جیسی اشکال والے فلیش کارڈز کی چند جوڑیاں۔

## سرگرمی کی تیاری

جوڑیوں میں موجود موزے، جوتے اور دستانے وغیرہ کو دو الگ الگ ٹوکریوں میں رکھیے اور طلبہ سے ایک جیسی اشیا کی جوڑی بنوائیے۔

## تعارف

اگلے مراحل میں ایک جیسی تصاویر کے جوڑوں کو جدا جدا کر کے ان کی طلبہ سے جوڑی بنوائیے۔

## درسی کتاب کی سرگرمی

طلبہ کو درسی کتاب میں متعلقہ سرگرمی مکمل کرنے میں ان کی معاونت کیجیے۔

## جانچ

جماعت میں موجود کسی ایک چیز کی نشان دہی کر کے اس کی ہی جیسی دوسری چیز تلاش کروائیے۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

| قبل از تحریر | سبق ۲ |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- چاک/پلاسٹک ٹیپ
- لال ٹیپ
- ہرا ٹیپ
- ٹریفک سگنل کا ماڈل

## سرگرمی کی تیاری

فرش پر سڑک کی طرح نشانات بنائیے ایک سرے پر ہرے ٹیپ سے نشان لگائیے اور دوسرے پر لال ٹیپ سے واضح نشان لگائیے۔

## تعارف

ٹریفک سگنل کا ماڈل دکھا کر رنگوں کی شناخت اور ان کے اشارے سمجھائیے۔
اب بنائی گئی سڑک پر ہرے نشان سے لال نشان تک چلنے کی خوب مشق کروائیے۔

| نقطے دار خطوط سے راستہ دکھائیے | سبق ۳ |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- جماعت میں موجود کرسیاں اور میز
- تدریسی کتاب

## سرگرمی کی تیاری

جماعت میں موجود میز اور کرسیاں آڑھے ترچھے انداز میں کچھ اس طرح ترتیب سے رکھیے کہ بیچ میں سے چلنے کا راستہ سیدھا نہ ہو بلکہ کسی بھول بھلیّاں کی مانند ہو۔

## تعارف

طلبہ کو ایک متعین سرے سے شروع کروائیے۔ ان کو زبانی اور ہاتھ کے اشاروں کی مدد سے ہدایات دیجیے۔ 'سیدھے جائیے، بائیں مڑ جائیے، وغیرہ۔

## تدریسی کتاب کی سرگرمی

اس سرگرمی کے بعد تدریسی کتاب کی متعلقہ مشقیں مکمل کرنے میں طلبہ کی معاونت کیجیے۔

| میرا خاندان | سبق ۴ |
| --- | --- |

## مطلوبہ مواد

- طلبہ کے خاندان کی تصاویر

## سرگرمی کی تیاری

سرگرمی کروانے سے پہلے والدین کو خاندان کی تصاویر بھجوانے کی درخواست بھیجیے۔ اپنے خاندان کی تصویر بھی لائیے۔

## تدریسی کتاب کی سرگرمی

پھر تصویر دکھاتے ہوئے خاندان کے افراد کا تعارف کروائیے۔ اسی طرح طلبہ کو بھی ایسا کرنے کا موقع دیجیے۔ اس کے بعد کتاب میں موجود نظم 'میرا خاندان' سنائیے۔

| سڑک کا منظر (رول پلے) | اضافی سبق |
| --- | --- |

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- ٹریفک سگنل کے مخصوص رنگوں کو پہچان سکیں۔
- مختلف رنگین بتّیاں کیا اشارے کرتی ہیں، یہ جان سکیں۔
- ٹریفک پولیس کا کردار جان سکیں۔
- ٹریفک کے چند قوانین سے آگاہ ہوسکیں۔

## مطلوبہ مواد

- پلاسٹک کی چھوٹی سی کار اور چوکور، دائرہ اور تکون شکل کی بنی ہوئی سڑک کے خاکے مع ٹریفک سگنل کا ماڈل۔
- ٹریفک پولیس کی وردی میں ایک بچّہ یا معاون معلّم/معلّمہ
- کار، ایمبولینس، بس وغیرہ کے خاکے

## سرگرمی کی تیاری

جماعت کے باہر سڑک کا منظر ترتیب دیجیے۔ فرش پر سڑک پینٹ کیجیے، درمیان میں ٹریفک سگنل کا ماڈل لگائیے اور پھر کار، ایمبولینس وغیرہ کے خاکے ربن کے ساتھ طلبہ کے کاندھوں سے لٹکا دیجیے۔

## سرگرمی

سڑک پر گاڑی چلانے کی اداکاری کروائیے۔ اس دوران مندرجہ ذیل قوانین پر گفتگو کیجیے:

۱۔ ٹریفک کی رنگین بتّیاں جو اشارے کرتی ہیں، ان کا مطلب کیا ہے اور ان کا احترام کیسے کیا جائے؟ لال کا مطلب رک جایئے، پیلا بولے تیار ہو جایئے۔ ہرا کہے چلنے لگو!

۲۔ ٹریفک پولیس کی ہدایات پر عمل کرنا کتنا ضروری ہے۔

۳۔ ہمیشہ سڑک کسی بڑے کے ساتھ پار کیجیے۔ پہلے دائیں پھر بائیں دیکھیے۔

۴۔ ٹریفک اور سڑک سے منسلک مختلف پیشوں کے بارے میں بات چیت کروایئے۔ جیسے ڈرائیور، کنڈیکٹر، ٹریفک پولیس وغیرہ۔

## ’ا، آ‘

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- حروف ’ا، آ‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حروف ’ا، آ‘ کی شکل پہچان سکیں گے اور اس کی آواز درست تلفّظ کے ساتھ ادا کرسکیں۔
- حروف ’ا، آ‘ کی لکھائی کی مشق کرسکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ۱ | حروف ’ا، آ‘ کا تعارف |

### مطلوبہ مواد

- پھلوں کی ٹوکری (جس میں انار، آم، آڑو اور انگور ہوں)
- پھلوں کی مختلف تصاویر (کہانی میں موجود پھل بھی ان میں شامل ہوں گے) اور ٹوکری کا خاکہ
- حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کے فلیش کارڈ
- تدریسی کتاب
- گوند

### تعارف

کمرۂ جماعت میں ایک ٹوکری کے ساتھ داخل ہوجائیے اور کہیے کہ آج ہم ان پھلوں کی کہانی سنیں گے۔ ایک ایک کر کے ٹوکری میں سے پھل طلبہ کو دکھاتے ہوئے ان کے نام بتائیے۔ طلبہ کے سامنے چند پھلوں کی تصاویر رکھیے۔ طلبہ سے کہیے کہ ان میں سے آم، آڑو، انار، انگور اور امرود کی تصاویر الگ کیجیے۔ پھر طلبہ کی مدد سے ان پھلوں کی تصاویر کو ٹوکری کے خاکے پر چپکائیے۔ کتاب میں موجود حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کی کہانی سنائیے۔ آواز کے تاثرات کی مدد سے کہانی کو دلچسپ بنائیے۔ پھر ان ذخیرۂ الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حرف ’ا‘ اور ’آ‘ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

### عملی جانچ

کہانی کے اختتام پر طلبہ سے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
مختلف حروف کے فلیش کارڈز میں سے حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کے فلیش کارڈز تلاش کروائیے۔

### زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف ’ا‘ اور ’آ‘ سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

| سبق ۲ | تصاویر کے نام بتائیے اورحرف ’ا‘ اور ’آ‘ پر پنسل پھیریے |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کے ریگ مالی حروف کے خاکے
- ایک ٹرے جس میں ریت ہو۔

## تعارف

حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کی پہچان کروانا، ذخیرۂ الفاظ سکھانا اور لکھائی کروانا۔

## سرگرمی

حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈ جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔ طلبہ کی توجّہ ان کی طرف دلائیے۔

حروف کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے دُرست بناوٹ میں ہاتھ پھِروائیے۔

پھر کتاب میں دیے گئے ان حروف پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔

اردگرد موجود قدرتی ماحول میں بھی حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

ریت کی ٹرے میں حروف ’ا‘ اور ’آ‘ کی لکھائی کسی ڈنڈی یا پنسل سے کروائیے۔

## ’ب، پ، ت، ٹ، ث‘

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم:

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- ’ب کے خاندان‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- ’ب کے خاندان‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- ’ب کے خاندان‘ کی شکل پہچان کر ان کی آواز ادا کرسکیں۔
- ’ب کے خاندان‘ کی لکھائی کی مشق کرسکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ۱ | حروف ’ب، پ، ت، ٹ، ث‘ کا تعارف |

### مطلوبہ مواد

- مختلف رنگوں کی پلے ڈو
- ’ب کے خاندان‘ کے فلیش کارڈز

### تعارف

طلبہ کو پلے ڈو دکھا کر بتایئے کہ آج ہم پلے ڈو سے بڑے مزے کا کام کریں گے۔ طلبہ کے ساتھ مل کر پلے ڈو سے ’ب کے خاندان‘ کے ذخیرۂ الفاظ بنایئے جیسے بلّی، بلّا، بکری، بالٹی۔

اب پلے ڈو سے بنائے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کی مدد سے ’ب کے خاندان‘ کی کہانی سنایئے۔ آواز کے تاثرات کی مدد سے کہانی کو دلچسپ بنایئے۔ ساتھ ہی طلبہ کو اظہارِ خیال کرنے کا موقع بھی دیجیے۔ پھر ان ذخیرۂ الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے ’ب کے خاندان‘ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔ مختلف نشستوں میں ’ب کے خاندان‘ کے حروف کی کہانی سناتے ہوئے ان کی پہچان کروایئے اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھایئے۔

### عملی جانچ

کہانی کے اختتام پر طلبہ سے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
مختلف حروف کے فلیش کارڈز میں سے مخصوص حرف کی پہچان کروا کر جانچ لیجیے۔

### زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور ذخیرۂ الفاظ معلوم کروایئے۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

| | |
|---|---|
| سبق ۲ | 'ب کے خاندان' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'ا، ب، پ، ت، ٹ، ث' کے ریگ مالی حروف
- حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' سے شروع ہونے والی روزمرّہ استعمال کی اشیا (ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز بھی استعمال بھی کر سکتے ہیں)
- ریت سے بھری ٹرے

## سرگرمی کی تیاری

ایک ریت سے بھری ٹرے لائیے جس میں حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' سے شروع ہونے والی روزمرّہ استعمال کی اشیا پہلے سے چھپا دیجیے۔

## تعارف

اب حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کے فلیش کارڈز دکھا کر ان سے شروع ہونے والی روزمرّہ استعمال کی اشیا کے نام پوچھیے۔

طلبہ سے کہیے کہ ہماری کچھ چیزیں ریت کی ٹرے میں کھو گئی ہیں، ان کو ڈھونڈتے ہیں۔ میں آپ کو ایک حرف دکھاؤں گی اور آپ کو اس سے شروع ہونے والی چیز ریت سے تلاش کر کے نکالنی ہو گی۔

اس طرح یہ کھیل تمام ذخیرۂ الفاظ کے ساتھ کھیلیے۔

## جانچ

میز پر انگلیوں سے حرف 'ب کے خاندان' کا کوئی بھی حرف لکھوائیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۳ | حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کی لکھائی |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- 'ب' کے خاندان کے ریگ مالی حروف
- ریت کی ٹرے
- تدریسی کتاب

## تعارف

حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح (تاکہ وہ اسے بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر بآسانی پڑھ سکیں) کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔ طلبہ کی توجّہ ان کی طرف دلائیے۔ حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے دُرست بناوٹ میں ہاتھ پھروائیے۔

## تدریسی کتاب کی سرگرمی

پھر کتاب میں دی گئی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔ اردگرد ماحول میں بھی حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

ریت کی ٹرے میں حروف 'ب، پ، ت، ٹ، ث' کی لکھائی کروائیے۔

| اضافی سبق | خزانے کی تلاش (کھیل) |
|---|---|

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- وہ حرف 'ا سے ث' تک کے ذخیرۂ الفاظ کی مزید پہچان کرسکیں۔
- تصورات 'اوپر اور نیچے' کی پہچان اور استعمال سیکھ سکیں۔

## مطلوبہ مواد

- کاغذ کی چھوٹی پرچیاں جن میں ہر ایک پرچی پر 'ا سے ث' میں سے کوئی ایک حرف لکھا ہوگا۔ (ہر حرف کی کم از کم تین پرچیاں ہوں گی اور اتنے ہی ذخیرۂ الفاظ)
- 'ا سے ث' تک کے حروف سے شروع ہونے والی چند اشیا
- جماعت کا ایک نقشہ جس میں یہ دکھا دیا جائے گا کہ پہلے کہاں جانا ہے اس کے بعد کہاں

## سرگرمی کی تیاری

'ا سے ث' کی اشیا جماعت کے مختلف حصّوں میں چھپا دیجیے۔

اشیا ایسی جگہ چھپائیے کہ طلبہ 'اوپر اور نیچے' کے تصورات سے واقف ہوسکیں اور عمل کرسکیں۔ جیسے میز کے نیچے، شیلف کے اوپر، وغیرہ۔

## سرگرمی

اسی طرح باری باری طلبہ خزانہ تلاش کر کے لائیں گے۔ یہ کھیل تب تک جاری رہے گا جب تک تمام پرچیوں کے مطابق ان سے شروع ہونے والی اشیا تلاش نہ کر لی جائیں۔

طلبہ کو کھیل کے اصول بتائیے کہ یہ نقشہ ہمیں بتائے گا کہ ہمیں کہاں جانا ہے۔ ہر بچّہ اپنی باری پر پرچی لے کر خزانہ ڈھونڈنے جائے گا۔ نقشے کے مطابق جگہ پر جا کر وہاں موجود پرچی کھولے گا اور اس حرف سے شروع ہونے والی کوئی چیز تلاش کر کے لائے گا۔ باقی طلبہ تصدیق کریں گے کہ بچّہ درست چیز لایا ہے کہ نہیں۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## حروف 'ج، چ، ح، خ'

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- 'ج کے خاندان' کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- 'ج کے خاندان' کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- 'ج کے خاندان' کی شکل پہچان سکیں گے اور ان کی آواز ادا کرسکیں۔
- 'ج کے خاندان' کی لکھائی کرسکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ا | حروف 'ج، چ، ح، خ' کا تعارف |

### مطلوبہ مواد

- پلاسٹک کے جانور اور ان کی تصاویر
- 'ج کے خاندان' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- 'ج کے خاندان' کے فلیش کارڈز
- مختلف حروف کے فلیش کارڈز

### سرگرمی

طلبہ سے ان کے تجربات دریافت کیجیے کہ اگر وہ کبھی چڑیا گھر گئے ہوں تو انھوں نے وہاں کون کون سے جانور دیکھے تھے؟ پلاسٹک کے بنے کچھ جانور دکھائیے اور بتائیے کہ آج ہماری کہانی میں کچھ جانور بھی ہیں۔ اب پلاسٹک کے بنے جانوروں کی مدد سے حروف 'ج، چ، ح، خ' کی کہانی سنائیے۔ آواز کے تاثرات کی مدد سے کہانی کو دلچسپ بنائیے۔ ساتھ ہی طلبہ کو اظہارِ خیال کرنے کا موقع بھی دیجیے۔ پھر ان ذخیرۂ الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف 'ج، چ، ح، خ' کے فلیش کارڈز دکھائیے اور پہچان کروائیے۔

### عملی جانچ

سرگرمی کے اختتام پر جانوروں اور ذخیرۂ الفاظ کے نام پکار کر طلبہ سے ان کی نشان دہی کرنے کے لیے کہیے۔
مختلف حروف کے فلیش کارڈز میں سے 'ج' کے خاندان کے حروف کے فلیش کارڈز تلاش کروائیے۔

### زبانی جانچ

کتاب میں دیکھتے ہوئے طلبہ کو اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور ذخیرۂ الفاظ معلوم کروائیے۔

| سبق ۲ | حرف 'ج کے خاندان' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- ایک ٹوکری میں حروف 'ج، چ، ح، خ' سے شروع ہونے والی روزمرّہ استعمال کی اشیا اور ان کی تصاویر
- حروف 'ج، چ، ح، خ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- تدریسی کتاب

## تعارف

طلبہ کو 'ج کے خاندان' سے شروع ہونے والی اشیا کی پہچان کروائیے۔ اب ایک ٹوکری میں تمام اشیا کو چھپا دیجیے اور طلبہ کو کھیل کے اُصول سمجھائیے۔ پھر ٹوکری میں سے دو ایسی اشیا نکال کر میز پر رکھیے جن کی ابتدائی آوازیں مختلف ہوں (جیسے جالی اور چابی)۔ طلبہ سے کہیے کہ مجھے میز پر کوئی چیز نظر آرہی ہے جس کی شروع کی آواز ہے 'ج' پھر طلبہ اس چیز کا نام بوجھیں گے۔ یہی عمل دوسری چیز کے لیے بھی دہرائیے۔ اگلی بار دو مختلف اشیا رکھیے۔ ہر بار اشیا کی شروع کی آواز مختلف ہونا ضروری ہے۔

## جانچ

پہیلی کی صورت میں حروف کے بارے میں بتا کر اس کے نقطے پوچھیے جیسے 'ج کے خاندان' کا وہ کون سا حرف ہے جس کے پیٹ میں ایک نقطہ ہوتا ہے۔

| سبق ۳ | حروف 'ج، چ، ح، خ' کی لکھائی |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ج، چ، ح، خ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'ج، چ، ح، خ' کے ریگ مالی حروف
- تدریسی کتاب
- ریت کی ٹرے

## سرگرمی کی تیاری

حروف 'ج، چ، ح، خ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔ طلبہ کی توجّہ ان کی طرف دلائیے۔

## تعارف

حروف کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے دُرست بناوٹ میں ہاتھ پھروائیے۔

### تدریسی کتاب کی سرگرمی

پھر کتاب میں دیے گئے صفحات پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔ طلبہ کی معاونت کیجیے۔
اردگرد موجود حروف 'ج، چ، ح، خ' سے شروع ہونے والی اشیا تلاش کروائیے۔

### جانچ

ریت کی ٹرے پر حروف 'ج، چ، ح، خ' کی لکھائی کروائیے۔

| نظم 'حلوائی کی دکان' | اضافی سبق |
|---|---|

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس نظم کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- نظم 'حلوائی کی دکان' پڑھنے کے بعد حروف 'ج، چ اور ح' سے شروع ہونے والی چند مٹھائیوں کے نام بتا سکیں۔
- اپنی ثقافت کے بارے میں مزید جان سکیں کہ تہواروں کے موقعوں پر مٹھائیاں تقسیم کر کے آپس میں خوشیاں بانٹی جاتی ہیں۔

### مطلوبہ مواد

- حروف 'ج، چ، ح، خ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز (ان میں نیچے دی گئی نظم سے 'ج، چ، ح' کے الفاظ بھی شامل ہوں)

### تعارف

حروف 'ج، چ اور ح' سے شروع ہونے والی چند مٹھائیوں کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کے ناموں سے طلبہ کو متعارف کروائیے۔
اب ترنم کے ساتھ نظم حلوائی کی دکان پڑھیے، ساتھ ہی طلبہ سے بھی دہروائیے۔

حلوائی کی دکان

پڑھ لی نماز اب مٹھائی کی باری آئی
کونے پر حلوائی کی دُکان نظر آئی
حلوائی چاچا نے بہت سی مٹھائیاں دکھائیں
پر کسی کو سمجھ نہ آئیں
عارض کو پھر سبق یاد آیا
اُس نے اپنا کام دکھایا
ج سے جلیبی، چ سے چم چم
ح سے حلوا، سب تلوایا

طلبہ سے ان کی پسندیدہ مٹھائی کے بارے میں بھی بات کیجیے۔ طلبہ کو بتائیے کہ چند مخصوص تہواروں پر ہم مٹھائی کا تبادلہ کر کے خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔

## جانچ
’ج کے خاندان‘ سے شروع ہونے والی مٹھائیوں کے نام پوچھیے۔

| | |
|---|---|
| اضافی سبق | چھوٹا چڑیا گھر |

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم
اس سرگرمی کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:
- جانوروں کی اقسام سے روشناس ہو جائیں۔
- وہ یہ جان جائیں کہ کون کون سے جانور چڑیا گھر میں ہوتے ہیں۔

## مطلوبہ مواد
- پلاسٹک کے بنے جانور (سابقہ سبق سے بھی استعمال ہو سکتے ہیں)
- جوتوں کے خالی ڈبّے
- پینٹ اور برش
- مکرامابننے والی ڈوری/کاغذ کی پٹّیاں
- تختۂ سیاہ/سفید
- گوند

## تعارف
سب سے پہلے طلبہ سے جانوروں کے نام پوچھیے اور ان کو تختۂ سیاہ/سفید پر لکھ لیجیے۔ ان میں سے جنگلی جانوروں کو الگ کروا لیجیے۔ ’ج کے خاندان‘ سے شروع ہونے والے جانوروں کے ناموں پر زور دیجیے۔
طلبہ کو بتائیے کہ کچھ جانور ہمارے گھروں میں ہمارے ساتھ نہیں رہ سکتے بلکہ وہ مخصوص ماحول میں رہتے ہیں۔ جیسے چڑیا گھر میں مصنوعی طور پر وہی ماحول تیار کیا جاتا ہے اور پھر اس میں حفاظت کے ساتھ ان جانوروں کو رکھا جاتا ہے۔

## سرگرمی
اب طلبہ کی مدد سے جوتے کے ایک ڈبّے میں ایک جانور کو کھڑا کر کے سامنے والا حصّہ ڈوری سے اس طرح بند کیجیے جیسے سلاخیں لگی ہوتی ہیں یا پھر کاغذ کی پٹّیاں سلاخوں کی طرح ڈبّے کے کھلے حصّے پر گوند سے چپکائیے۔ ڈبّے کے اطراف طلبہ سے پینٹ کروائیے۔ جب کئی جانوروں کے پنجرے تیار ہوجائیں تو جماعت کے ایک کونے میں چھوٹا چڑیا گھر سجا دیجیے۔

## جانچ
جانوروں کی جانب اشارہ کر کے ان کا نام اور ابتدائی آواز پوچھیے۔

## ’د، ڈ، ذ‘

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- حرف ’د کے خاندان‘ کی شکل کو پہچان سکیں۔
- حرف ’د کے خاندان‘ کی آواز کو ادا کرسکیں۔
- حروف ’د، ڈ، ذ‘ سے شروع ہونے والی کم از کم کوئی سی دو اشیا یا کرداروں کے نام بتا سکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ۱ | حروف ’د، ڈ، ذ‘ کا تعارف |

### مطلوبہ مواد

- حروف ’د، ڈ، ذ‘ سے شروع ہونے والی کم از کم کوئی دو اشیا
- کہانی میں موجود کرداروں کی تصاویر، اشیا کے خاکے اور کہانی کے پس منظر کی تصویر (دادا، دانیال اور دنبے کی تصاویر اور درخت کا خاکہ وغیرہ)
- گوند
- چپکانے کی ٹیپ
- مختلف حروف کے فلیش کارڈز
- ’د‘ کے خاندان کے حروف کے فلیش کارڈز

### تعارف

طلبہ کو کہانی کے کرداروں کی تصاویر دکھاتے ہوئے ان کا تعارف کروائیے اور بتائیے کہ آج ہم دانیال اور اس کے دنبے کی کہانی سنیں گے۔

### سرگرمی

کہانی میں موجود ذخیرۂ الفاظ کے خاکے دکھا کر ان کا تعارف حروف ’د، ڈ، ذ‘ سے کروائیے (ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے)۔ اس کے بعد کرداروں کی تصاویر اور اشیا کو منظر پر چپکاتے ہوئے کہانی سنائیے۔ آخر میں ایک بار پھر حروف ’د، ڈ، ذ‘ سے شروع ہونے والی اشیا اور کرداروں کے نام دہرائیے۔ مختلف نشستوں میں ’د‘ کے خاندان کے حروف کی کہانی سناتے ہوئے ان کی پہچان کروائیے اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھائیے۔ سرگرمی کے اختتام پر کرداروں اور ذخیرۂ الفاظ کے نام پکار کر طلبہ سے ان کی نشان دہی کرنے کے لیے کہیے۔

### عملی جانچ

مختلف حروف کے فلیش کارڈز میں سے ’د‘ کے خاندان کے حروف کے فلیش کارڈز تلاش کروائیے۔

### زبانی جانچ

کتاب میں دیکھتے ہوئے طلبہ کو اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور ذخیرۂ الفاظ معلوم کروائیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۲ | حرف 'د کے خاندان' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'د، ڈ، ذ' سے شروع ہونے والی اشیا جیسے دلیہ، ڈبّہ، ڈوری وغیرہ۔

## تعارف

'د کے خاندان' کی تصویری کہانی سنائیے اور منظر میں موجود مخصوص ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کروائیے۔ 'د کے خاندان' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔ ایک ڈبّے میں طلبہ کی مدد سے بہت سی کتابیں جمع کیجیے اور بتائیے کہ یہ کتابوں کا ذخیرہ ہے۔ پھر ان سے کہیے کہ وہ سوچ کر بتائیں اسکول میں ایسی کون سی جگہ ہے جہاں بہت سی کتابوں کا ذخیرہ ہوتا ہے۔ ارد گرد موجود بھی 'د کے خاندان' سے شروع ہونے والی اشیا کا ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

حروف 'د، ڈ، ذ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز پوچھیے۔
طلبہ کو بتائیے ایسی جگہ جہاں کتابوں کا ذخیرہ ہو کو لائبریری کہتے ہیں۔ ممکن ہو تو طلبہ کو لائبریری دکھانے لے جائیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۳ | حروف 'د، ڈ، ذ' کی لکھائی |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'د، ڈ، ذ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'د، ڈ، ذ' کے ریگ مالی حروف

## تعارف

حروف 'د، ڈ، ذ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔ طلبہ کی توجّہ ان کی طرف دلائیے۔ حروف کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے درست بناوٹ میں پھروائیے۔

## تدریسی کتاب کی سرگرمی

پھر کتاب میں دیے گئے صفحات پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔ ارد گرد موجود حروف 'د، ڈ، ذ' کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

حروف 'د، ڈ، ذ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے خاکوں پر درست حرف کی لکھائی کروائیے جیسے ڈھول کے خاکے پر 'ڈ' لکھوائیے۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

## ’ر، ڑ، ز، ژ‘

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو سکیں کہ:

- حرف ’ر کے خاندان‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔
- حرف ’ر کے خاندان‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حرف ’ر کے خاندان‘ کی شکل پہچان سکیں اور ان کی آواز ادا کر سکیں۔

| سبق ا | حرف ’ر کے خاندان‘ کا تعارف |
|---|---|

### مطلوبہ مواد

- کسی بھی ہلکے رنگ کی پوسٹر شیٹ
- سیاہ رنگ کا پوسٹر کلر
- رنگین کمپیوٹر پیپر
- قینچی
- گلو
- تدریسی کتاب

### تعارف

طلبہ سے کہیے کہ جب سورج چلا جاتا ہے تو روشنی بھی نہیں رہتی۔ تب رات ہو جاتی ہے اور آج ہم رات کا منظر بنائیں گے۔

### سرگرمی

طلبہ سے ان کے تجربات دریافت کیجیے کہ رات کو آسمان پر ان کو کیا نظر آتا ہے؟ طلبہ کے جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے پوسٹر شیٹ پر رات کا منظر بنائیے اور طلبہ کی مدد کرتے ہوئے پینٹ کروائیے۔

پھر حروف ’ر، ڑ، ز، ژ‘ کے ذخیرۂ الفاظ جیسے رومال، باڑ، زردہ، ژالہ وغیرہ دکھائیے اور ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’ر، ڑ، ز، ژ‘ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔ غور فرمائیے کہ کوئی بھی لفظ ’ڑ‘ سے شروع نہیں ہوتا۔ البتہ حرف ’ڑ‘ کی وضاحتی آواز والے الفاظ پائے جاتے ہیں جیسے: باڑ۔ مختلف نشستوں میں ’ر‘ کے خاندان کے حروف کی کہانی سناتے ہوئے ان کی پہچان کروائیے اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھائیے۔

## زبانی جانچ

تدریسی کتاب میں دیکھتے ہوئے طلبہ کو اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور ذخیرۂ الفاظ معلوم کروائیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۲ | حرف 'ر کے خاندان' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا |

## مطلوبہ مواد

- ایک ٹوکری میں حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' سے متعلق روز مرّہ استعمال کی اشیا
- حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- چاک/ٹیپ
- 'ر' کے خاندان کے فلیش کارڈز

## سرگرمی

جماعت میں چاک یا ٹیپ کی مدد سے زمین پر چار خانے بنائیے اور ہر خانے میں 'ر کے خاندان' کا ایک حرف لکھیے۔
اب ایک ٹوکری میں 'ر، ڑ، ز، ژ' سے متعلق روز مرّہ استعمال کی اشیا دکھاتے ہوئے کہیے کہ ان اشیا کو ان کے دُرست گھر میں پہنچائیے۔
طلبہ سے باری باری دکھائی گئی چیز کی ابتدائی آواز پوچھ کر اس کے درست خانے میں رکھوائیے۔

## جانچ

'ر' کے خاندان کے فلیش کارڈز کی پہچان کروائیے اور ان کو ترتیب وار میز پر رکھوائیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۳ | حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' کی لکھائی |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' کے ریگ مالی حروف
- تدریسی کتاب
- A4 سائز کے صفحات
- کلر پنسل/کریون

## تعارف

حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے اور طلبہ کی توجّہ ان کی طرف دلائیے۔

حرف کے ریگ مالی خاکوں پر دو انگلیوں سے دُرست بناوٹ میں ہاتھ پھروائیے۔

## تدریسی کتاب کی سرگرمی

پھر کتاب میں دیے گئے صفحات پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔

اردگرد موجود حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

طلبہ کی پسند کے رنگ سے حروف 'ر، ڑ، ز، ژ' کی لکھائی صفحات پر کروائیے۔

| اضافی سبق | ریل گاڑی (کہانی) |
| --- | --- |

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس کہانی کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- کہانی کے انداز میں طلبہ ریل گاڑی سے متعارف ہوسکیں۔
- ریل گاڑی اور مال گاڑی کا فرق بیان کرسکیں۔
- تصورات 'آگے اور پیچھے' کو عملی طور پر سمجھا سکیں۔

## مطلوبہ مواد

- دودھ کے چند خالی کارٹن (۴ سے ۵)
- ڈوری/گوند

## سرگرمی کی تیاری

دودھ کے خالی کارٹن ایک کے پیچھے دوسرا رکھتے ہوئے ان کی ریل گاڑی بنائیے۔ دودھ کے خالی کارٹن کو آپس میں ڈوری یا گوند سے جوڑ سکتے ہیں۔

طلبہ سے پوچھیے کہ کیا انھوں نے کبھی ریل گاڑی دیکھی ہے یا اس میں سفر کیا ہے؟

## تعارف

طلبہ کو بتائیے کہ ریل گاڑی میں سب سے آگے انجن ہوتا ہے اور ان کے پیچھے ڈبّے ہوتے ہیں۔

طلبہ کو بتائیے کہ آج ہم ایک بچّے کی کہانی سنیں گے۔

کرداروں کے نام اور ان کے رشتے بتانے کے بعد ٹھہر ٹھہر کر آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مندرجہ ذیل کہانی سنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے چہرے کے تاثرات کی مدد سے الفاظ کے معانی طلبہ پر واضح کیجیے جیسے کہ ڈبّے میں بہت ساری گائے دیکھ کر حیرت کا اظہار کیجیے۔

ریل گاڑی (کہانی)

ریل کے ڈبّے میں جو چڑھنے لگے
اتنی ساری بوریاں
آگے جاؤ، آگے جاؤ
اگلے ڈبّے میں جو چڑھنے لگے
اتنی ساری بکریاں
آگے جاؤ، آگے جاؤ
اگلے ڈبّے میں جو چڑھنے لگے
اتنی ساری گائیں
آگے جاؤ، آگے جاؤ
اگلے ڈبّے میں جو چڑھنے لگے
ارے! یہ تو انجن ہے
پیچھے جاؤ، پیچھے جاؤ
یہ ریل گاڑی نہیں مال گاڑی ہے
پیچھے جاؤ، پیچھے جاؤ

## جانچ

کہانی کے اختتام پر طلبہ سے پوچھیں:

- سب سے پیچھے والے ڈبّے میں کیا تھا؟
- اس سے آگے والے ڈبّے میں کیا تھا؟
- سب سے آگے کیا تھا؟
- بچّے اس گاڑی میں کیوں سوار نہیں ہو سکے؟



OXFORD UNIVERSITY PRESS

| رنگوں کی بہار | اضافی سبق |
|---|---|

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس کہانی کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- مختلف رنگوں کی پہچان کرسکیں اور ان کے ناموں سے واقفیت حاصل کرسکیں۔
- جان لیں قدرت نے اتنے سارے رنگ دے کر دنیا کتنی خوبصورت بنائی ہے۔

## مطلوبہ مواد

- رنگین کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے (لال، پیلا، نیلا اور ہرا)
- پوسٹر کلر
- رنگین ٹوکریاں ڈبّے (لال، پیلا، نیلا اور ہرا)
- طلبہ کے زیر استعمال رنگین اشیا (مثلاً لال لنچ کا ڈبّہ، ہرا پنسل باکس، نیلی پانی کی بوتل وغیرہ)

## سرگرمی کی تیاری

جماعت میں طلبہ کے آنے سے پہلے رنگین اشیا کو چھپا دیجیے۔

طلبہ کو چار گروہ میں بانٹیے۔ ہر گروہ کو ایک رنگین کاغذ کا ٹکڑا دے کر طلبہ سے کہیے کہ اس جیسی رنگ کی کوئی چیز جماعت میں سے ڈھونڈ کر لائیے اور اسی رنگ کی ٹوکری میں رکھیے۔

اس کام کے لیے ہر گروہ کو باری باری جانے کی اجازت دیجیے۔ جب تمام گروہ اپنا کام مکمل کرلیں تو ان کی لائی ہوئی اشیا کی جانچ کیجیے اور ان کے ناموں اور رنگوں کی طرف توجّہ دلائیے۔

## جانچ

اشیا کی جانب اشارہ کر کے ان کے رنگ پوچھیے۔

# ’س، ش، ص، ض‘

## متوقّع حاصلات تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- حروف ’س ، ش‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- حروف ’س ، ش‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حروف ’س ، ش ، ص ، ض‘ کی شکل پہچان سکیں اور ان کی آواز ادا کرسکیں۔
- حروف ’س ، ش‘ کی لکھائی کرسکیں۔
- حروف ’ص اورض‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- حروف’ص اورض‘ کے کم از کم دو ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حروف ’ص اورض‘ کی شکل پہچان سکیں گے اور ان کی آواز ادا کرسکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ا | حروف ’س اورش‘ کا تعارف |

## مطلوبہ مواد

- ہلکے آسمانی رنگ کی پوسٹر شیٹ
- نیلے رنگ کا پوسٹر کلر
- سورج، سارس، سیپی، شارک مچھلی اورشترمرغ کی تصاویر/اسٹیکر
- گلو
- حروف ’س ، ش‘ کے فلیش کارڈز
- پینٹ برش

## تعارف

طلبہ سے پوچھیے کہ آپ میں سے کون کون ساحلِ سمندر کی سیر کے لیے گیا ہے؟

## سرگرمی

طلبہ کے مشاہدات دریافت کیجیے کہ ساحل پر انھوں نے کیا کیا دیکھا تھا ؟ طلبہ کے جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ طلبہ کے سامنے پوسٹر شیٹ پر ساحل سمندر کا منظر بنائیے۔ طلبہ کو پوسٹر شیٹ تقسیم کیجیے اورسمندر کا منظر پینٹ کروانے میں مدد کیجیے۔

پھر ’س اورش‘ کے ذخیرۂ الفاظ جیسے کہ سورج، سارس، سیپی، شارک، شترمرغ وغیرہ کی تصاویر منظر پر گلو کی مدد سے چپکائیے۔ ’س اورش‘ کی کہانی سنائیے۔ ساتھ ساتھ ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’س اورش‘ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

## زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف 'س اور ش' سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۲ | حروف 'ص اور ض' کا تعارف |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ص اور ض' کے فلیش کارڈ
- حروف 'ص اور ض' سے شروع ہونے والی چند روزمرّہ استعمال کی اشیا کی تصاویر (صراحی، صندوق، صابن وغیرہ)
- مٹّی کی صراحی

## سرگرمی کی تیاری

(ایک دن قبل صراحی جماعت میں لاکر پانی بھر کر رکھیے تاکہ جب طلبہ اس کا پانی پیئیں تو ان کو ٹھنڈا محسوس ہو)

## تعارف

صراحی دکھا کر طلبہ سے کہیے کہ آج ہم اس صراحی سے پانی پیئیں گے۔ طلبہ کو گلاس یا ان کی پانی کی بوتل کے ساتھ موجود کپ میں صراحی کا پانی پلائیے۔

## سرگرمی

طلبہ کو بتائیے کہ پرانے زمانے میں جب فریج نہیں ہوتے تھے اور نہ ہی بجلی تب لوگ صراحی میں پانی بھر کر رکھا کرتے تھے۔

صراحی میں پانی ٹھنڈا ہو جایا کرتا تھا۔ مگر اس کو بہت احتیاط سے استعمال کرنا پڑتا ہے ورنہ یہ ٹوٹ سکتی ہے اور اس کا پانی ضائع ہو جاتا ہے۔

پھر 'ص اور ض' کے ذخیرۂ الفاظ جیسے کہ صابن، صندوق، ضعیف وغیرہ کی تصاویر دکھائیے اور درسی کتاب میں موجود کہانی سنائیے۔ ساتھ ساتھ ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف 'ص اور ض' کے فلیش کارڈ دکھائیے۔

ضائع پر بالخصوص گفتگو کیجیے کہ کون کون سی اشیا کا بے احتیاطی سے استعمال ان کو ضائع کرنے میں شمار ہوتا ہے۔

## زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف 'ص اور ض' سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔

| حروف 'س، ش، ص، ض' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا | سبق ۳ |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- ایک ٹوکری میں حروف 'س، ش، ص، ض' سے متعلق روزمرّہ استعمال کی اشیا یا ان کی تصاویر
- حروف 'س، ش، ص، ض' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- چاک/ٹیپ

## سرگرمی

طلبہ کو حروف 'س، ش، ص، ض' سے متعلق روزمرّہ استعمال کی اشیا کی پہچان کروایئے جیسے سبزی، ساز، صابن اور صراحی وغیرہ۔

جماعت میں فرش پر چاک یا ٹیپ کی مدد سے ایک بھول بھلیّاں بنایئے اور اس میں ایک جانب سے داخل ہونے کی جگہ اور دوسری جانب سے باہر نکلنے کی جگہ بتایئے درمیان میں کچھ اشیا رکھیے جو طلبہ نے اس کھیل کے دوران اپنی ٹوکری میں جمع کرنی ہوں گی۔ طلبہ کو راستہ وہی منتخب کرنا ہوگا جہاں حروف 'س، ش، ص، ض' سے شروع ہونے والی اشیا موجود ہوں۔

## جانچ

طلبہ کی لائی ہوئی اشیا کو حروف کے فلیش کارڈز کے ساتھ ملا کر طلبہ سے اس کا جائزہ کروایئے کہ بچّے درست اشیا چن کر لائے ہیں کہ نہیں۔

| حروف 'س، ش، ص، ض' کی لکھائی | سبق ۴ |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف 'س، ش، ص، ض' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'س، ش، ص، ض' کے ریگ مالی حروف
- A4 کاغذ کے خالی صفحے
- کریون

## سرگرمی

حروف 'س، ش، ص، ض' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔ حروف 'س، ش، ص، ض' کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے دُرست بناوٹ میں ہاتھ پھروایئے۔ پھر کتاب میں دی گئی لکھائی کی مشق پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروایئے۔ اردگرد حروف 'س، ش، ص، ض' کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروایئے۔

## جانچ

طلبہ سے A4 کاغذ کے صفحات پر کریون سے حروف 'س، ش، ص، ض' لکھوایئے۔

| سلاد کا دن | اضافی سبق |
|---|---|

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس کہانی کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- وہ مختلف سبزیوں کو پہچان کر ان کے نام بتا سکیں۔
- جان لیں کہ کون کون سی سبزیاں سبز رنگ کی ہوتی ہیں اور یہ کتنی مزے دار ہوتی ہیں۔
- کچی کھائی جانے والی سبزیوں اور پکا کر کھائی جانے والی سبزیوں میں فرق کرسکیں۔

## مطلوبہ مواد

- سبز رنگ کی چند سبزیاں جیسے کھیرا، ککڑی، بند گوبھی، لوکی، توری وغیرہ
- سبزی کٹر
- سلاد کا پیالہ
- چھوٹے پیالے
- کاغذ کی پلیٹیں
- پلاسٹک کے کانٹے/چمچ

## تعارف

سب سے پہلے تمام طلبہ کو دائرے میں بٹھا کر سبزیاں دکھایئے۔ ان کی شکل اور ساخت کو محسوس کروایئے، ان کی خوشبو سونگھنے کا موقع دیجیے تاکہ بچّے سبزیوں کی ہر طرح کی شناخت میں مہارت حاصل کرسکیں۔

طلبہ کو بتایئے کہ کچھ سبزیاں صرف کچی کھائی جاتی ہیں، کچھ صرف پکا کر اور کچھ دونوں صورتوں میں کھائی جاتی ہیں۔ اب کچّی کھائی جانے والی سبزیاں الگ کر لیجیے اور ان سے سرگرمی کروایئے۔

## سرگرمی

طلبہ کو تین گروہوں میں بانٹیے۔ ہر گروہ کو ایک ایک سبزی دے کر ان کو دھونے کی ذمّے داری دیجیے۔

پھر باری باری ہر گروہ میں سبزی کو سبزی کٹر کی مدد سے کٹوایئے اور باری باری ہر گروہ کو کٹی ہوئی سبزی کے ساتھ بلایئے اور طلبہ کی مدد سے تمام سبزیوں کو ملا کر سلاد بنایئے۔ اب جماعت کے چند طلبہ کی مدد سے تمام طلبہ میں سلاد تقسیم کروایئے اور مزے لے کر کھایئے۔ طلبہ میں سبزیاں کھانا کا شوق پروان چڑھایئے۔ سرگرمی کے اختتام پر طلبہ کو جماعت میں چیزیں سمیٹنے کی ہدایت کیجیے اور صفائی ستھرائی رکھنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## جانچ

مخصوص سبزیوں کی جانب اشارہ کر کے طلبہ سے ان کے نام پوچھیے۔

## ’ط، ظ، ع، غ‘

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- حروف ’ط ، ظ ، ع ، اور غ‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- حروف ’ط ، ظ ، ع ، اور غ‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حروف ’ط ، ظ ، ع ، اور غ‘ کی شکل پہچان سکیں اور ان کی آواز ادا کرسکیں۔
- حروف ’ط ، ظ ، ع ، اور غ‘ کی لکھائی کرسکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ا | حروف ’ط اور ظ‘ کا تعارف |

### مطلوبہ مواد

- طیّارے کی تصویر
- حروف ’ط اور ظ‘ کے فلیش کارڈ
- تدریسی کتاب

### تعارف

طلبہ کو طیّارے کی تصویر دکھائیں اور پوچھیے کہ کیا ان کو معلوم ہے یہ کس چیز کی تصویر ہے۔ طلبہ کو بتائیے یہ طیّارہ ہے اور اس میں بیٹھ کر ہم ہوائی سفر کرتے ہیں۔

### سرگرمی

طلبہ کو بتائیے ہوائی جہاز کو طیّارہ بھی کہتے ہیں۔

پھر سے دریافت کیجیے کہ کس کس نے طیّارے میں سفر کیا ہے؟ طلبہ کے جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

اس کے بعد ’ط اور ظ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کی تصاویر کتاب میں دکھاتے ہوئے درسی کتاب میں موجود کہانی سنائیے۔ مزید، ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’ط اور ظ‘ کے فلیش کارڈ دکھائیے۔

### زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف ’ط اور ظ‘ سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

| سبق ۲ | حروف 'ع اور غ' کا تعارف |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ع اور غ' کے فلیش کارڈز
- حروف 'ع اور غ' سے شروع ہونے والی چند روزمرّہ استعمال کی اشیا یا ان کی تصاویر (عینک، عطر، غبّارا وغیرہ)
- مختلف رنگوں کے غبارے
- عینک کے کٹ آؤٹ
- کریونز/کلر پنسل
- تدریسی کتاب

## سرگرمی کی تیاری

سبق سے پہلے مختلف رنگوں کے غبارے پھلا لیجیے۔ رنگ برنگے غبارے لے کر کمرۂ جماعت میں داخل ہو جائیے اور طلبہ سے پوچھیے کہ کیا وہ جانتے ہیں یہ کیا ہے؟ غباروں کا رنگ بھی پوچھیے اور بتائیے۔

## تعارف

عینک کے کٹ آؤٹ دیجیے اور ان کو کریونز/ پنسل سے اس میں رنگ بھرنے کی ہدایت کیجیے۔ طلبہ کو بتائیے کہ ان کو عینک یا چشمہ کہتے ہیں اور عینک کی شروع کی آواز 'ع' ہے۔

پھر 'ع اور غ' کے ذخیرۂ الفاظ جیسے کہ عینک، عطر، غبّارا وغیرہ دکھائیے اور درسی کتاب کہانی سنائیے۔ ساتھ ساتھ ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف 'ع اور غ' کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

## زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف 'ع اور غ' سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔

| سبق ۳ | حروف 'ط، ظ، ع، غ' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ط، ظ، ع، غ' کے فلیش کارڈز
- حروف 'ط، ظ، ع، غ' کے اور چند پہلے سکھائے گئے حروف کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'ط، ظ، ع، غ' سے شروع ہونے والی اشیا یا تصاویر

## تعارف

طلبہ کو حروف 'ط، ظ، ع، غ' اور چند پہلے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر پہچان کروائیے۔
اب تمام ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کو ایک دیوار پر چپکا دیجیے۔
اب باری باری طلبہ کو بلا کر ایک حرف کا فلیش کارڈ دکھائیے اور ذخیرۂ الفاظ کے دیواری چارٹ یا تختۂ نرم پر لگا اس کا متعلقہ کارڈ منگوائیے۔
اس کھیل کو تب تک جاری رکھیے جب تک تمام حروف کے کارڈز نہ منگوا لیے جائیں۔

## جانچ

طلبہ کو 'ط، ظ، ع، غ' سے شروع ہونے والی اشیا/تصاویر کو حروف کے فلیش کارڈ سے ملانے کی ہدایت کیجیے اور اس کی تصدیق کروائیے کہ وہ دُرست کارڈ چن کر لائے ہیں کہ نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| سبق ۴ | حروف 'ط، ظ، ع، غ' کی لکھائی | |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ط، ظ، ع، غ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'ط، ظ، ع، غ' کے ریگ مالی حروف
- شیٹ پر 'ط، ظ، ع، غ' سے شروع ہونے والی اشیا کے خاکے

## تعارف

حروف 'ط، ظ، ع، غ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈ جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔
حروف کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے درست بناوٹ میں ہاتھ پھروائیے۔
پھر کتاب میں دیے گئے صفحات پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔
قدرتی ماحول میں بھی حروف 'ط، ظ، ع، غ' کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

حروف 'ط، ظ، ع، غ' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شکل کے خاکوں پر درست حروف کی لکھائی کروائیے جیسے عطر کی شیشی کے خاکے پر 'ع' لکھوائیے۔

| پالتو جانوروں کا دن | اضافی سبق |
|---|---|

## متوقّع حاصلات تعلّم

اس کہانی کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- وہ مختلف پالتو جانوروں کو پہچان سکیں اور ان کے نام جان سکیں یا بتا سکیں۔
- اور بتا سکیں کہ کون کون سے جانور بطور پالتو جانور پالے جاسکتے ہیں اور کون سے نہیں۔ پالتو جانوروں کا خیال کیسے رکھنا چاہیے وغیرہ۔
- جانوروں کی درجہ بندی سے روشناس ہوجائیں ( چوپائے، پرندے، آبی مخلوق وغیرہ)۔

## مطلوبہ مواد

- طلبہ کے اپنے لائے ہوئے پالتو جانور

## سرگرمی کی تیاری

یہ سرگرمی کسی کھلی جگہ، جیسے کھیل کے میدان میں کرائی جاسکتی ہے۔ ایک دن پہلے والدین کو اس سرگرمی سے آگاہ کیجیے اور پالتو جانور لانے کی درخواست کیجیے۔

سب سے پہلے تمام طلبہ کو دائرے میں بٹھا کر باری باری ایک ایک پالتو جانور دکھایئے۔ ان کی جسمانی خدوخال کی جانب توجّہ مرکوز کروایئے اور ان کے اعضا کے نام سکھایئے۔

طلبہ کو بتایئے کہ کچھ جانور صرف زمین پر رہ سکتے ہیں اور کچھ صرف پانی میں رہ سکتے ہیں۔

صرف پرندے ہی وہ جانور ہیں جو ہوا میں اڑ سکتے ہیں۔ مگر کچھ جانور اُڑ نہیں سکتے۔

پھر باری باری ان سے پوچھیے کہ کون سا جانور چوپایہ ہے، کون سا پرندہ ہے اور کون سا آبی جانور ہے؟

اب طلبہ میں جانوروں سے محبّت اور ان کا خیال رکھنے کی اہمیت پر گفتگو کیجیے۔ جو طلبہ پالتو جانور لائے ہیں، ان سے پوچھیے کہ وہ کیسے اپنے جانوروں کا خیال رکھتے ہیں؟

طلبہ کے ساتھ مل کر نظم طوطا پڑھیے۔

### طوطا (نظم)

سالگرہ کا دن جو آیا
ابّو نے طوطا دلوایا
تحفہ ہے یہ بڑا کمال
ہرے ہیں پَر اور چونچ ہے لال
دن بھر ٹیں ٹیں کرتا ہے
ہری مرچ پر مرتا ہے

## جانچ

معلّم/معلّمہ مخصوص جانوروں اور ان کے جسم کے اعضا کی جانب اشارہ کر کے ان کے نام پوچھیں۔

# ’ف، ق، ک، گ‘

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- حروف ’ف، ق، ک، گ‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- حروف ’ف، ق، ک، گ‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حروف ’ف، ق، ک، گ‘ کی شکل پہچان سکیں اور ان کی آواز ادا کرسکیں۔
- حروف ’ف، ق، ک، گ‘ کی لکھائی کرسکیں۔

| سبق ۱ | حروف ’ف، ق‘ کا تعارف |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- سفید کریپ پیپر یا کمپیوٹر پیپر کے سائز کے ٹکڑے (ہر طلبہ کے لیے ایک)
- فاختہ کی شکل کے سفید گتّے سے کاٹے گئے کٹ آؤٹ، جس میں پروں کے مقام پر افقی کٹ لگا ہوگا (ہر بچّے کے لیے ایک)
- حروف ’ف، ق، ک، گ‘ کے فلیش کارڈز

## تعارف

طلبہ کو بتایئے کہ آج ہم فاختہ بنانا سیکھیں گے۔

## سرگرمی

طلبہ کو سفید کریپ پیپر کو چینی پنکھے کی طرح تہہ کر کے دکھایئے اور پھر طلبہ سے ہر ٹکڑے کو اسی طرح تہہ کروایئے۔

اب اس تہہ شدہ کریپ پیپر کو فاختہ کی شکل کے کٹ آؤٹ میں پروں کے مقام پر بنے افقی کٹ میں سے آدھا گزار دیجیے۔

یوں فاختہ تیار ہوجائے گی۔ اب بچّوں کی تیار کردہ سب کے بنائے فاختاؤں کو جماعت میں لٹکا دیجیے یا تختۂ نرم پر چپکا دیجیے۔

اس کے بعد حروف ’ف، ق ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کی تصاویر کتاب میں دکھاتے ہوئے کہانی سنایئے۔مزید ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’ف، ق ‘ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔

## زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف ’ف، ق، ک، گ‘ سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

| حروف ’ک، گ‘ کا تعارف | سبق ۲ |
|---|---|

### مطلوبہ مواد

- حروف ’ک، گ‘ کے فلیش کارڈز
- حروف ’ک، گ‘ سے شروع ہونے والی چند روزمرّہ استعمال کی اشیا ان کی تصاویر (کنگھا، کپڑا، گوبھی وغیرہ)
- کوّے کی تصویر

### تعارف

طلبہ کو ایک کوّے کی تصویر دکھائیے اور اس کی آواز نکالتے ہوئے طلبہ سے پوچھیے کہ کیا وہ اس پرندے کو جانتے ہیں؟
طلبہ کے دیے گئے جوابات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے پرندے کا نام بتائیے اور کہیے کہ بچّوں یہ کوّا ہے، آج ہم اس کی نظم گائیں گے۔ پھر طلبہ کے ساتھ مل کر نظم ’کوّا‘ گائیے:

کوّا (نظم)

کوّا ہے بڑا سیانا
کھاتا ہے روٹی اور دانہ
دوستی خوب نبھاتا ہے
کھانا بانٹ کے کھاتا ہے

نظم کے اختتام پر طلبہ سے پوچھیے:
کوّے کا رنگ کیسا ہے؟
کوّا کیا کیا کھاتا ہے؟
کوّے کے بارے میں آج آپ نے کیا سیکھا؟

طلبہ کے جوابات کو سراہتے ہوئے ان کو ان باتوں سے آگاہ کیجیے کہ رنگ گورا ہو یا کالا سب اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔ کوّے اپنے دوستوں کا بہت خیال رکھتے ہیں اگر کسی ایک کو کھانے کی کوئی چیز نظر آئے تو سب کو کھلا کر ہی کھاتے ہیں۔
اب طلبہ کو حروف ’ک، گ‘ سے شروع ہونے والی اشیا دکھاتے ہوئے درسی کتاب سے کہانی سنائیے۔ ساتھ ساتھ ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’ک، گ‘ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

### زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف ’ک، گ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھیے۔

| حروف ’ف، ق، ک اور گ‘ کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا | سبق ۳ |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف ’ف، ق، ک، گ‘ کے فلیش کارڈز
- حروف ’ف، ق، ک، گ‘ سے شروع ہونے والی چند روزمرّہ استعمال کی اشیا ان کی تصاویر (کنگھا، کپڑا، گوبھی وغیرہ)
- چار عدد خالی ٹوکریاں جن پر ’ف، ق، ک اور گ‘ لکھے ہوں۔
- خالی گتّے کا ڈبّہ
- کاغذ کی باریک کترنیں

## سرگرمی کی تیاری

گتّے کے ڈبّے میں کاغذ کی کترنیں بھریے۔ ڈبّے میں حروف ’ف، ق، ک، گ‘ سے شروع ہونے والی اشیا ایسے رکھیے کہ وہ کاغذ کی کترنوں کے نیچے چھپی ہوئی ہوں۔

## تعارف

ایک ڈبّہ لے کر کمرۂ جماعت میں داخل ہوجائیے اور طلبہ کو بتائیے کہ اس ڈبّے میں کچھ خاص چیزیں گم ہوگئی ہیں جن کو ہم مل کر تلاش کریں گے (ڈبّے میں حروف ’ف، ق، ک اور گ‘ سے شروع ہونے والی اشیا ان کی تصاویر رکھیے)۔ طلبہ کے سامنے خالی ٹوکریاں اور ڈبّہ رکھیے۔ اپنا ایک ہاتھ ڈبّے میں ڈال کر کوئی چیز نکالیے اور اس کا نام بتائیے۔ ساتھ ہی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے اس کی متعلقہ ٹوکری میں رکھیے۔ اب طلبہ کو حروف ’ف، ق، ک، گ‘ سے شروع ہونے والی اشیا کو ڈبّے میں تلاش کرنے کا موقع دیجیے۔ جب تمام اشیا نکال کر ٹوکریوں میں رکھ دی جائیں تو پھر درسی کتاب سے کہانی سنائیے۔ ساتھ ساتھ ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’ف، ق، ک، گ‘ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

## جانچ

ڈھونڈی ہوئی اشیا کو حروف کے فلیش کارڈز کے ساتھ ملا کر طلبہ سے اس کا جائزہ لینے کی ہدایت کیجیے تاکہ وہ جان سکیں کہ ان کے ساتھی کروائیے کہ طلبہ نے اشیا کو درست ٹوکری میں رکھا ہے کہ نہیں۔

| حروف ’ف، ق، ک اور گ‘ کی لکھائی | سبق ۴ |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف ’ف، ق، ک اور گ‘ کے فلیش کارڈز
- حروف ’ف، ق، ک اور گ‘ کے ریگ مالی حروف
- تدریسی کتاب
- حروف ’ف، ق، ک اور گ‘ سے شروع ہونے والی اشیا کے خاکے

## تعارف

حروف 'ف، ق، ک اور گ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں کر دیجیے۔

حروف کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے درست بناوٹ میں ہاتھ پھروائیے۔ تدریسی کتاب کی سرگرمی پھر کتاب میں دیے گئے صفحات پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔

ماحول میں ارد گرد موجود حروف 'ف، ق، ک، گ' کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

حروف 'ف، ق، ک، گ' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شکل کے خاکوں پر درست حروف کی لکھائی کروائیے جیسے کتاب کی شکل کے خاکے پر حرف 'ک' لکھوائیے۔

| اضافی سبق | کِتابچہ سازی |
|---|---|

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس کہانی کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- کِتابچے کو جان سکیں۔
- کسی ایک موضوع پر معلومات کو کتابچے کی شکل میں محفوظ کرسکیں۔
- عملی طور پر کِتابچہ سازی سیکھ سکیں۔

## مطلوبہ مواد

- عنوانات پر مشتمل مختلف چیزوں کے اسٹیکر شیٹ (جیسے: پرندے، جانور، پھل، سبزیاں وغیرہ)
- چند رنگین کمپیوٹر پیپر

## سرگرمی

سب سے پہلے طلبہ کو ایک کتاب دکھا کر اس کا عنوان، مصنّف اور کتاب کے دیگر حصّوں سے متعارف کروائیے۔

اب طلبہ کو ان کی پسند کے موضوع کے مطابق اسٹیکر شیٹ کا انتخاب کروائیے۔

پھر رنگین کمپیوٹر پیپر کو تین بار طے کر کے کِتابچے کی شکل دیجیے۔

اب طلبہ کی مدد سے ایک صفحے پر ایک اسٹیکر چپکا کر کِتابچے کو مکمل کیجیے۔ کِتابچے پر عنوان اور مصنّف کے طور پر طلبہ کا نام لکھیے۔

بعد ازاں گھر سے کسی دوسرے موضوع پر کِتابچہ بنانے کا پروجیکٹ بھی دیا جا سکتا ہے۔

## جانچ

باری باری ہر بچّے کو باقی طلبہ کے سامنے اپنا کِتابچہ پیش کرنے کا اور اس کے بارے میں بات کرنے کا موقع دیجیے۔

## ’ل، م، ن، و‘

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- حروف ’ل، م، ن، و‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- حروف ’ل، م، ن، و‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حروف ’ل، م، ن، و‘ کی شکل پہچان سکیں اور ان کی آواز ادا کرسکیں۔
- حروف ’ل، م، ن، و‘ کی لکھائی کرسکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ۱ | حروف ’ل،م‘ کا تعارف |

### مطلوبہ مواد

- موٹے گتّے سے کاٹے گئے چھوٹے گول دائرے
- ٹوتھ پکس اور ربر کے چند ٹکڑے
- رنگین مارکر وغیرہ
- حروف ’ل اورم‘ کے فلیش کارڈز

### ذہنی آمادگی

رنگین لٹّو کی تصویر طلبہ کو دکھاکر اس سے متعارف کروایئے اور بتایئے کہ آج ہم لٹّو بنائیں گے۔

### سرگرمی

طلبہ کو گتّے سے کٹے دائرے اور رنگین مارکر دے کرفری ہینڈ کلرنگ کروایئے۔

اب دائرے کے نیچے ربر کا چھوٹا ٹکڑا رکھ کر درمیان سے ٹوتھ پک لگا دیجیے، ٹوتھ پک کی نوک تھوڑی نیچے نکال دیجیے۔ یوں لٹّو تیار ہوجائے گا۔

اسی طرح طلبہ کی مدد کر کے لٹّو بنوایئے اور بتایئے کہ لٹّو کی شروع کی آواز ’ل‘ ہے۔

اس کے بعد حروف ’ل اورم‘ کے ذخیرۂ الفاظ کی تصاویر کتاب میں دکھاتے ہوئے درسی کتاب میں موجود کہانی سنایئے۔ مزید، ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’ل اورم‘ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔

### زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف ’ل اورم‘ سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۲ | حروف 'ن، و' کا تعارف |

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ن اور و' کے فلیش کارڈ
- حروف 'ن اور و' سے شروع ہونے والی چند روزمرّہ استعمال کی اشیا اور ان کی تصاویر (نمک پارے، ناشپاتی، نارنگی، وردی وغیرہ)
- نارنجی رنگ کا پوسٹر کلر
- سفید پوسٹر شیٹ (ہر طلبہ کے لیے)
- پینٹ برش

## تعارف

ایک پلیٹ میں نارنگی دکھاتے ہوئے طلبہ سے کہیے کہ آج ہم نارنگی بنائیں گے۔

## سرگرمی

طلبہ کو نارنگی دکھائیے پھر اس کو ان کے دونوں ہاتھوں میں دے کر چاروں اطراف سے محسوس کروائیے۔ اس کی خوشبو سونگھنے کا موقع دیجیے۔ پھر اس کو چھیل کر اس کی پھانکیں دکھائیے اور ذائقہ چکھائیے۔ اب پوسٹر شیٹ پر ایک بڑی سی نارنگی بنا کر طلبہ سے اس میں پینٹ کروائیے۔ طلبہ سے نارنگی کے رنگ، شکل، ذائقے وغیرہ کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ اب طلبہ کو حروف 'ن اور و' سے شروع ہونے والی اشیا دکھاتے ہوئے کہانی سنائیے۔ ساتھ ساتھ ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف 'ن اور و' کے فلیش کارڈ دکھائیے۔

## زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف 'ن اور و' سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔

| | |
|---|---|
| سبق ۳ | حروف 'ل، م، ن اور و' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا |

## مطلوبہ مواد

- 'ل، م، ن اور و' کے حروف کے فلیش کارڈ
- حروف 'ل، م، ن اور و' کے ذخیرۂ الفاظ کی تصاویر
- ریت کی ٹرے

## سرگرمی کی تیاری

ایک ریت کی ٹرے میں حروف 'ل، م، ن اور و' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر چھپا دیجیے۔

## تعارف

طلبہ کے سامنے ٹرے رکھیے۔

ایک حرف پکاریے اور طلبہ باری باری ریت میں سے اس حرف سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر تلاش کر کے نکالیں گے۔

جب تمام حروف سے شروع ہونے والی اشیا تلاش کر لی جائیں تو پھر کہانی سنایئے۔ اب کہانی کے کرداروں اور ذخیرۂ الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف ’ل، م، ن، و‘ کے فلیش کارڈ دکھایئے۔

## جانچ

ڈھونڈی ہوئی اشیا کو حروف کے فلیش کارڈ کے ساتھ ملا کر طلبہ سے کہیں کہ اس کا جائزہ لیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ۴ | حروف ’ل، م، ن اور و‘ کی لکھائی |

## مطلوبہ مواد

- حروف ’ل، م، ن، و‘ کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف ’ل، م، ن، و‘ کے ریگ مالی حروف
- حروف ’ل، م، ن، و‘ سے شروع ہونے والی اشیا کے خاکے

## تعارف

حروف ’ل، م، ن، و‘ کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈ جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں کر دیجیے۔ حروف کے ریگ مالی خاکوں پر دو انگلیوں سے دُرست بناوٹ میں ہاتھ پھروایئے۔ پھر کتاب میں دیے گئے صفحات پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروایئے۔

اردگرد موجود حروف ’ل، م، ن، و‘ کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروایئے۔

## جانچ

حروف ’ل، م، ن، و‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کی شکل کے خاکوں پر درست حروف کی لکھائی کروایئے جیسے لالٹین کے خاکے پر ’ل‘ لکھوایئے۔

| | |
|---|---|
| اضافی سبق | ناشتے کی دعوت |

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس کہانی کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- جان سکیں ناشتے سے کیا مراد ہے یا ناشتا کسے کہتے ہیں؟
- ناشتے میں کھائے جانے والی اشیا کے نام جان سکیں۔
- ناشتے کی اہمیت جان سکیں اور ناشتا کرنے کی اچّھی عادت اپنا سکیں۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

### مطلوبہ مواد

- ناشتے میں استعمال ہونے والی اشیا (جیسے انڈے، چائے، ڈبل روٹی، وغیرہ)
- دسترخوان
- ناشتے کے وقت استعمال کیے جانے والے برتن (چھری، کانٹا، ناشتے کی پلیٹ وغیرہ)

### سرگرمی

سب سے پہلے طلبہ سے موضوع تک آنے کے لیے کچھ سوالات پوچھیے جیسے ہم دن میں کتنی بار کھانا کھاتے ہیں؟ دن کا سب سے پہلا کھانا کب کھاتے ہیں ؟ وغیرہ۔

طلبہ کو بتایئے کہ دن کے سب سے پہلے کھانے کو ناشتا کہتے ہیں۔ ناشتا ہماری صحت کے لیے ضروری ہے وغیرہ۔

اب طلبہ کے ساتھ مل کر ناشتے کی پلیٹ تیار کروایئے جس میں ڈبل روٹی، انڈے، جیم، مکّھن، دودھ، جوس (اخروٹ، خشک میوے، بادام) وغیرہ شامل ہوں۔

اب دسترخوان بچھا کر طلبہ کے ساتھ اس کے گرد بیٹھ کر مِل جُل کر ناشتا کیجیے۔

ناشتا کرتے ہوئے ان اشیا کے نام سکھایئے اور ان کے رنگ، شکل اور ذائقے پر گفتگو کیجیے۔

### جانچ

سرگرمی کے اختتام پر باری باری طلبہ سے ناشتے میں شامل کھانے پینے کی اشیا کے نام پوچھیے اور ان کی پسندیدہ چیز کا نام پوچھیے۔

## حروف ’ہ، ء، ی، ے‘

### متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو سکیں کہ:

- حروف ’ہ، ء، ی، ے‘ کی تصویری کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔
- حروف ’ہ، ء، ی، ے‘ کے کم از کم تین ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- حروف ’ہ، ء، ی، ے‘ کی شکل پہچان سکیں اور ان کی آواز ادا کر سکیں۔
- حروف ’ہ، ء، ی، ے‘ کی لکھائی کر سکیں۔
- حروف ’ا سے ے‘ ترتیب سے لکھ سکیں۔

| | |
|---|---|
| سبق ۱ | حروف ’ہ، ء، ی اور ے‘ کا تعارف |

### مطلوبہ مواد

- پوسٹر کلر
- پلیٹ (ناشتے کی بڑی پلیٹ)
- سفید پوسٹر شیٹ (ہر بچّے کے لیے ایک)
- حروف ’ہ، ء، ی، ے‘ کے فلیش کارڈز

### تعارف

طلبہ کو اپنے گرد جمع کیجیے اور نظم ’ہاتھ، کندھے اور گھٹنے‘ گنگنائیے۔

ہاتھ، کندھے اور گھٹنے (نظم)

ہاتھ، کندھے، گھٹنے اور ٹخنے
ہاتھ، کندھے، گھٹنے اور ٹخنے
اور ہونٹ اور ناک اور کان اور آنکھیں
اور ہونٹ اور ناک اور کان اور آنکھیں
ہونٹ، ناک، کان اور آنکھیں


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## سرگرمی

طلبہ کے ساتھ مل کر نظم کو کئی بار پڑھیے اور اعضا کے نام سکھایئے۔ پھر پلیٹ میں پوسٹر کلر نکالیے اور سادہ پوسٹر شیٹ پر طلبہ سے ہینڈ پرنٹ کروایئے۔ اس کے بعد حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے ذخیرۂ الفاظ کی تصاویر کتاب میں دکھاتے ہوئے کہانی سنایئے۔ مزید، ان کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے فلیش کارڈز دکھایئے۔

## زبانی جانچ

طلبہ کو کتاب میں دیکھتے ہوئے اپنے الفاظ میں کہانی سنانے کا موقع دیجیے اور حروف 'ہ، ء، ی، ے' سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔

| سبق ۲ | حروف 'ہ، ء، ی، ے' کی پہچان کروانا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ سکھانا |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے فلیش کارڈز
- حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے اور چند پہلے سکھائے گئے حروف کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈ

## سرگرمی

طلبہ کو حروف حروف 'ہ، ء، ی، ے' اور چند پہلے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈ دکھا کر پہچان کروایئے۔
اب تمام ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈ کو ایک دیوار پر چپکا دیجیے۔
اب باری باری طلبہ کو بلا کر ایک حرف کا کارڈ دکھایئے اور ذخیرۂ الفاظ کی دیوار سے اس کا متعلقہ کارڈ منگوایئے۔
اس کھیل کو تب تک جاری رکھیے جب تک تمام حروف کے کارڈز نہ منگوا لیے جائیں۔

## جانچ

طلبہ کے لائے ہوئے کارڈ کو حروف کے فلیش کارڈ کے ساتھ ملا کر طلبہ سے اس کی تصدیق کروایئے کہ وہ دُرست کارڈ چن کر لائے ہیں کہ نہیں۔

| سبق ۳ | حروف 'ہ، ء، ی، ے' کی لکھائی |
|---|---|

## مطلوبہ مواد

- حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے ریگ مالی حروف
- حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے اشیا کے خاکے

## تعارف

حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت میں طلبہ کی بصری سطح کے مطابق چسپاں یا آویزاں کر دیجیے۔
حروف کے ریگ مالی خاکے پر دو انگلیوں سے درست بناوٹ میں ہاتھ پھروائیے۔
پھر کتاب میں دیے گئے صفحات پر پنسل پھیرنے کی مشقیں مختلف دنوں میں کروائیے۔
قدرتی ماحول میں بھی حروف 'ہ، ء، ی، ے' کے ذخیرۂ الفاظ تلاش کروائیے۔

## جانچ

حروف 'ہ، ء، ی، ے' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شکل کے خاکوں پر درست حروف کی لکھائی کروائیے جیسے ہاتھی کے خاکے پر 'ہ' لکھوائیے۔

| سبق ۴ | حروف کی آنکھ مچولی |
|---|---|

## متوقّع حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ:

- اس یاد دہانی کے بعد جان لیں کہ کتنے حروف ہم شکل ہوتے ہیں ( ایک خاندان سے تعلق رکھتے ہیں)
- جان لیں کہ حروفِ تہجّی کی ایک خاص ترتیب ہے۔

## مطلوبہ مواد

- حروفِ تہجّی 'الف سے ے' کے حروف کے فلیش کارڈز
- اسکاچ ٹیپ
- تدریسی کتاب

## تعارف

سب سے پہلے ایک ٹوکری میں الف سے ے تک تمام حروفِ تہجّی کے کارڈز لائیے۔
سب طلبہ کو باری باری بلائیے کہ وہ آئیں اور آنکھیں بند کر کے کوئی بھی ایک کارڈ اٹھالیں پھر اپنی جگہ پر واپس بیٹھ جائیں۔
اب پہلا حرف پکاریے، جس بچّے کے پاس حرف 'ا' ہو وہ ہاتھ اٹھائے۔حرف 'ا' کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر اس کی آواز کسی بھی بچّے سے پوچھیے۔
اب وہ بچّہ جس کے پاس 'ا' ہے اگلا حرف پکار کر 'ب' تلاش کرے۔ اسی طرح ہر حرف اگلے حرف کو تلاش کرے اور ایک جیسی شکل والے حرف ایک ساتھ کھڑے ہوتے جائیں۔
ہر حرف کے نقطے اور 'ط' وغیرہ کی پہچان کروائیے اور پوچھیے کہ اس حرف کے کتنے ساتھی ہیں۔
حروف خاندان کی شکل میں اسکاچ ٹیپ سے بورڈ پر لگائیے۔

## تدریسی سرگرمی

حروفِ تہجّی ترتیب سے کاپی میں لکھنے میں طلبہ کی مدد کیجیے۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

## جانچ

سرگرمی کے اختتام پر باری باری ہر بچّے کو کوئی بھی حرف بتا کر اس کا اگلا حرف معلوم کیجیے۔ اختتامی سرگرمی کے طور پر تمام طلبہ کے ساتھ مل کر یہ نظم پڑھیے:

### 'اسے ے' کی کہانی

آؤ بچّو سنو کہانی
کچھ نئی اور کچھ پرانی
کبھی کشتی سی، کبھی سیڑھی سی
کبھی چاند سی شکل بنائیں
کسی پہ اوپر کسی کے نیچے
کسی کے پیٹ میں نقطہ لگائیں
کسی میں شوشے کسی میں مرکز
ایک بڑی، کچھ چھوٹی سی ط
یہ بات اب سب نے جانی
ان کے بِن نہ بنے کہانی

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# رہنمائی برائے جانچ

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ چھوٹے بچّے کی صلاحیتوں کی پیمائش کرنے کے لیے باضابطہ ٹیسٹ اور امتحانات بالکل درست نتائج پیش نہیں کرتے۔ بہت سے چھوٹے بچّے ایسی صورتحال میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کرتے جہاں انہیں مخصوص سوالات یا مکمل کاموں کا جواب دینا ہوگا کیونکہ ممکن ہے کہ وہ جانچ کی زبان سے واقف نہ ہوں، ہوسکتا ہے کہ وہ شرمیلے یا خوفزدہ ہوں۔ جب ایک چھوٹا بچّہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کرتا ہے تو اسے اوسط بچّے سے کم کا لیبل لگایا جاتا ہے۔

دو کم عمر بچّوں کے مابین موازنہ بے سود ہے کیونکہ اس عمر کے بچّے اپنی رفتار کے مطابق ہی ترقی کرتے ہیں۔ اساتذۂ کرام کو چھوٹے بچّوں کی جانچ پورے سال کے دوران مسلسل مشاہدات سے کرنی چاہیے۔ ان کی کارکردگی کا موازنہ ان کی اپنی پچھلی کارکردگی سے کرنا چاہیے نہ کہ دوسرے بچّے سے۔

## بچّوں کی جانچ اور ریکارڈ رکھنا

اساتذۂ کرام سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہر بچّے کا مشاہدہ کریں خاص طور پر جب وہ مختلف سرگرمیوں میں حصّہ لیتے ہیں۔ اگرچہ بعض اوقات دوران سرگرمی اساتذۂ کرام ذرا سا پیچھے ہٹ سکتے کہ مشاہدہ کرسکتے ہیں، تاہم انھیں بچّوں کے ساتھ معمول سے زیادہ شامل ہونا پڑتا ہے۔ اساتذۂ کرام کو فعال طور پر شامل ہونے اور بچّوں سے اشارے سمجھنے کے لیے اس مہارت کو فروغ دینا ہوگا۔

معلّم/معلّمہ کو کیا پرکھنا اور کرنا ہے؟ معلّم/معلّمہ بچّوں کا مشاہدہ کریں اور ان کے سیکھنے کے مختلف پہلوؤں کا اور ترقی کا جائزہ لیں۔

تشخیص اور ریکارڈ رکھنے کے مندرجہ ذیل طریقے تجویز کردہ ہیں:

- بچّے کی کارکردگی کی فہرست۔
- بچّے کے کام کا ایک پورٹ فولیو مرتب رکھیں۔
- کارکردگی کی رپورٹ برائے والدین۔


## تشخیصی گائیڈ میں شامل ہیں:

- ورک شیٹس (غیر رسمی جانچ)
- مشاہداتی چیک لسٹ (اساتذۂ کرام اس چیک لسٹ میں بیان کردہ نکات کے مطابق بچّوں کا مشاہدہ کریں اور پھر سال کے آخر میں اسے پُر کریں)۔


# اضافی ورک شیٹ

ورک شیٹ ۱: نقطے دار خطوط کو ملائیے۔

ورک شیٹ ۲:   ایک جیسی تصاویر ملائیے۔















OXFORD
UNIVERSITY PRESS

ورک شیٹ ۳: تصاویر کو ان کے ابتدائی حرف سے جوڑیے۔ 'ا' سے شروع ہونے والی تصاویر کو لال رنگ سے جوڑیں اور 'آ' سے شروع ہونے والی تصاویر کو ہرے رنگ سے جوڑیے۔







آ ا







ورک شیٹ ۴: نقطے اور 'ط' لگا کر ابتدائی حروفِ تہجّی مکمل کیجیے۔

ٮ




ٮ




ٮ



ٮ



ٮ





OXFORD UNIVERSITY PRESS

ورک شیٹ ۵: دی گئی تصاویر کو دیکھ کر ان کی ابتدائی آواز پہچانیے اور درست ابتدائی آواز پر دائرہ بنائیے۔



ج چ خ



ج خ ح



خ چ ج



ح خ چ



ج چ ح



خ چ ح

ورک شیٹ ٦ :  نقطے اور 'ط' لگا کر حروفِ تہجّی مکمل کیجیے۔ مکمل حروف کو درست تصویر سے ملائیے۔

د



د



د



ورک شیٹ ۷ : میرے جیسا کون؟ ایک جیسے حروف کو آپس میں ملایئے۔

| | |
|---|---|
| ر | ز |
| ڑ | ژ |
| ز | ر |
| ژ | ڑ |


ورک شیٹ ۸ : ایک جیسی ابتدائی آواز والی تصاویر کو ملائیے۔



سورج



صوفہ



شارک مچھلی


ورک شیٹ ۹:  'ط' سے شروع ہونے والی تصاویر کو حرف سے ملائیے۔ اور 'ظ' سے شروع ہونے والی تصاویر پر دائرہ بنائیے۔







# ط







ورک شیٹ ۱۰:   تصاویر کی ابتدائی آواز پہچان کر دی گئی خالی جگہ پر لکھیے۔




..........................




..........................




..........................




..........................



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

ورک شیٹ ۱۱ : نیچے دیے گئے حروفِ تہجّی کو ترتیب سے لکھیے۔

۱) پ ت آ ب ٹ ث ا

....... ....... ....... ....... ....... ....... ......

۲) خ چ ح ج

....... ....... ....... .......

۳) ڈ ر ذ د ز ژ ڑ

....... ....... ....... ....... ....... ....... .......

۴) ص ش ض س

....... ....... ....... .......

۵) ع ظ غ ط


....... ....... ....... .......


۶) ق گ ف ک


....... ....... ....... .......

ورک شیٹ ۱۲ :   تصاویر کے نام بتائیے اور درست ابتدائی آواز پر پنسل پھیرتے ہوئے تصاویر سے جوڑیے۔





















OXFORD
UNIVERSITY PRESS

ورک شیٹ ۱۳ : خالی جگہ پُر کریں۔

آ ا ب ............ ............ ٹ ............

ج ............ ح ............ د ......... ذ ر .........

ز ......... س ............ ص ............

ط ......... ع ............ ف ق ............

............ ............ م ............ و

......... ء ............ ............

ورک شیٹ ۱۴ : 'الف سے ے' تک لکھیے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

# اساتذۂ کرام کی فہرستِ مشاہدات برائے وسط سال

دی گئی فہرست پر طلبہ کی صلاحیت کے مطابق '✓' لگائیے۔

| صلاحیتیں | ★ | ☾ | ☼ |
|---|---|---|---|
| **تعلیمی جانچ** | | | |
| خاندان کے افراد کو پہچان سکے۔ | | | |
| نقطے دار حروف پر کم سے کم معاونت سے درست انداز میں پنسل پھیر سکے۔ | | | |
| **لسانی جانچ** (سُننا، بولنا، لکھنا اور پڑھنا) | | | |
| اپنے خیالات و خواہشات کا اُردو میں اظہار (چند الفاظ کا استعمال) کر سکے | | | |
| آسان ہدایات کو سُن کر عمل سکے۔ | | | |
| **جسمانی مہارت** (مجموعی اور باریک افعال) | | | |
| پنسل کو درست انداز میں تھام سکے | | | |
| انگلیوں اور انگوٹھے کی مدد سے اشیا اُٹھا سکے۔ | | | |
| بآسانی چل، بھاگ، ٹھوکر مار کر، گیند کو پھینک اور پکڑ سکے۔ | | | |
| **سماجی آگاہی** | | | |
| ہم جماعت طلبہ کے ساتھ گُھل مل سکے اور اچّھے سلوک سے پیش آسکے۔ | | | |
| بڑوں کے ساتھ عزّت سے پیش آسکے۔ | | | |

ہدایات برائے اساتذۂ کرام: یہ فہرست اساتذۂ کرام کی معاونت کے لیے، بچّوں کو جانچنے کے مقصد کے لیے بنائی گئی ہے۔ اساتذۂ کرام اسے اپنی ضرورت کے مطابق استعمال کر سکتے ہیں۔ ستارے کی علامت اطمینان بخش کارکردگی، چاند کی علامت اچّھی کارکردگی اور سورج کی علامت عمدہ کارکردگی کی وضاحت کرتا ہے۔

# اساتذۂ کرام کی فہرستِ مشاہدات برائے اختتامِ سال

دی گئی فہرست پر طلبہ کی صلاحیت کے مطابق '✓' لگائیے۔

| صلاحیتیں | | | |
|---|---|---|---|
| تعلیمی جانچ | | | |
| خاندان کے افراد کو پہچان سکے۔ | | | |
| مکمل حروفِ تہجّی کی صوتی پہچان اور درست ادائیگی کر سکے۔ | | | |
| نقطے دار حروف پر کم سے کم معاونت سے درست انداز میں پنسل پھیر سکے۔ | | | |
| لسانی جانچ (سُننا، بولنا، لکھنا اور پڑھنا) | | | |
| اپنے خیالات و خواہشات کا اُردو میں اظہار (چند الفاظ کا استعمال) کر سکے۔ | | | |
| آسان ہدایات کو سُن کر عمل سکے۔ | | | |
| چند الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے سوالات کر سکے۔ | | | |
| جسمانی مہارت (مجموعی اور باریک افعال) | | | |
| پنسل کو درست انداز میں تھام سکے۔ | | | |
| انگلیوں اور انگوٹھے کی مدد سے اشیا اٹھا سکے۔ | | | |
| سیدھی سمت میں درست انداز میں، اردگرد کی اشیا سے ٹکرائے بغیر چل سکے۔ | | | |
| بآسانی چل کر، بھاگ کر، ٹھوکر مار کر، گیند کو پھینک اور پکڑ سکے۔ | | | |
| سماجی آگاہی | | | |
| ہم جماعت طلبہ کے ساتھ گُھل مل سکے اور اچھے سلوک سے پیش آسکے۔ | | | |
| بڑوں کے ساتھ عزّت سے پیش آسکے۔ | | | |
| ہم جماعت طلبہ سے اپنی چیزیں مل بانٹ کر استعمال کر سکے۔ | | | |

ہدایات برائے اساتذۂ کرام: یہ فہرست اساتذۂ کرام کی معاونت کے لیے، بچّوں کو جانچنے کے مقصد کے لیے بنائی گئی ہے۔ اساتذۂ کرام اسے اپنی ضرورت کے مطابق استعمال کر سکتے ہیں۔ ستارے کی علامت اطمینان بخش کارکردگی، چاند کی علامت اچّھی کارکردگی اور سورج کی علامت عمدہ کارکردگی کی وضاحت کرتا ہے۔

# ٹیچر نوٹس

OXFORD
UNIVERSITY PRESS